Daily PUBLIC KARACHI
روزنامہ پبلک کراچی
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 12 | بدھ 14 اکتوبر 2026ء، یکم جمادی الاول 1448ھ، صفحات 4 قیمت 5 روپے | شمارہ 203

پاک فوج کا ہائپر سونک بیلسٹک میزائل رفتح 2 ایکسٹینڈڈ رینج کا کامیاب تجربہ

یہ میزائل انتہائی درستگی کے ساتھ اہداف کو نشانہ بنانے اور دشمن کے میزائل دفاعی نظام کو ناکام بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے

فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج کی بدولت پاک فوج کی دور دراز اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں مزید اضافہ ہوگا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (نیوز ایجنسیاں) پاک فوج نے ہائپر سونک بیلسٹک میزائل فتح ٹو توسیع شدہ رینج کا کامیاب تجربہ کیا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میزائل جدید نیویگیشن سسٹم اور جدید ترین الیکٹرانکس سے لیس ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق یہ میزائل انتہائی درستگی کے ساتھ اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق میزائل اپنی منفرد پرواز کے راستے اور دوران پرواز سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت کے باعث دشمن کے میزائل دفاعی نظام کو ناکام بنا سکتا ہے۔ فتح 2 کے زیادہ فاصلے تک مار کرنے والے اس جدید دورمار سے پاک فوج کی رسائی اور دور دراز اہداف (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)


وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر طیارہ حادثے میں شہید افسران کی نماز جنازہ میں شریک ہیں

دہشت گردی کیخلاف ایک ملک میں 2 خارجہ پالیسیاں نہیں ہوسکتیں، آئین کے تحت اقدامات کیے، وفاقی وزراء

خیبر پختونخوا میں گورنر راج، ایمرجنسی، توسیع عندیہ قیام امن کا ناگزیر قرار

دہشتگردی واقعات آئینی اقدامات کے فیصلے میں اہم عنصر تھے، گورنر راج، ایمرجنسی کا ٹائم فریم نہیں دے سکتے، ضرورت پر توسیع کی جاسکتی ہے، وزراء کی غیر ملکی میڈیا کو بریفنگ

وفاقی حکومت کا کوئی سیاسی ایجنڈا نہیں، وزیراعلیٰ KP انسداد دہشتگردی کے مربوط اقدامات پر آمادہ نہیں ہوئے، اب صوبہ میں کوئی دہشتگردوں کا حامی نہیں، عطاء تارڑ، اعظم نذیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف ایک ملک میں 2 متوازی پالیسیاں نہیں ہو سکتیں، خیبر پختونخوا میں سویلین حکومت کی عملداری ختم ہو چکی تھی، امید ہے اب خیبر پختونخوا کے حالات میں بہتری آئے گی۔ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کے ہمراہ غیر ملکی میڈیا کے نمائندوں کو بریف کرتے ہوئے وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کا کہنا تھا کہ وفا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

خیبر پختونخوا میں 10 روز میں بہتر تبدیلی دیکھائی دیگی اور امن بھی ہوگا، خواجہ آصف

کھل کر کہتا ہوں یہ دہشتگردوں کے اتحادی بن چکے تھے اور ان کو صوبائی خزانے میں حصہ دار بنایا ہوا تھا، وزیر دفاع

عمران خان کی قید کو ایشو بنا کر ہتھیار کیسے اٹھائے جاسکتے ہیں؟ یہ تو افغانیوں، بھارتیوں کے ساتھ کھڑے ہو گئے، بیان

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ میں کھل کر کہتا ہوں کہ یہ دہشتگردوں کے اتحادی بن چکے تھے اور ان کو صوبائی خزانے میں حصہ دار بنایا ہوا تھا، افغانستان کی سرپرستی میں پاکستان میں جنگ لڑی جارہی ہے جبکہ ان کے سربراہ مولانا نے کہا تھا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)


بنکاک، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب G-24 کے اجلاس میں شریک ہیں

ملتان رحمان بابا ٹرین کو خوفناک حادثہ، 6 افراد جاں بحق، 30 زخمی، وزیراعظم نے واقعہ کا نوٹس لے لیا

کراچی سے پشاور جانے والی رحمان بابا ایکسپریس کی ملتان میں شیر شاہ پل کے قریب تمام 15 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں

ریسکیو آپریشن مکمل، تحقیقات جاری، وزیراعظم کی امدادی کارروائیاں تیز، زخمیوں کو ہر ممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت

ملتان (صباح نیوز) ملتان میں شیر شاہ پل کے قریب حادثے کا شکار ہونے والی رحمان بابا ایکسپریس بر ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا گیا ہے، حادثے میں 6 جاں بحق اور 30 سے زائد ہو گئے۔ لاشوں اور زخمیوں کو نشتر ہسپتال ملتان منتقل کر دیا گیا، وزیراعظم نے واقعہ کا نوٹس لے لیا، زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کردی۔ کراچی سے پشاور جانے والی رحمان بابا ایکسپریس کی ملتان میں شیر شاہ پل کے قریب تمام 15 بوگیاں پٹری سے اتر گئیں، ڈرائیور کا کہنا ہے کہ ٹریک کی ناقص حالت اور 30 سے زائد ہو گئے۔ لاشوں اور زخمیوں کو نشتر ہسپتال ملتان منتقل کر دیا گیا، وزیراعظم نے واقعہ کا نوٹس لے کرتے ہوئے بتایا کہ رحمان بابا ایکسپریس کا حادثہ صبح 5:14 بجے ٹیلہ آباد ہڑی کے قریب ہوئی نمبر 9 کے ٹریک بولٹ درست کیے گئے تھے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ حادثہ ہوئی سے ایک اور لاش نکال لی گئی ہے، جس کے بعد اموات کی تعداد 6 ہو گئی ہے جبکہ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

کھوکھلے نعروں اور مارچ کی سیاست کرنے والوں کے پیچھے نہ چلیں، اختیار ولی خان

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات و خیبر پختونخوا امور اختیار ولی خان نے خیبر پختونخوا کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ صوبے میں امن، خوشحالی اور ترقی کے لیے وفاقی حکومت کیساتھ تمام کی حمایت کریں اور کھوکھلے نعروں اور مارچ کی سیاست کرنے والوں کے پیچھے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

بیرسٹر عقیل ملک کی انٹرنیشنل جسٹس سمٹ 2026 میں شرکت

دوطرفہ ادارہ جاتی روابط کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے استنبول، ترکیہ میں منعقدہ انٹرنیشنل جسٹس سمٹ 2026 میں شرکت کی۔ سمٹ میں دنیا بھر سے اعلیٰ حکام، پالیسی سازوں، قانونی ماہرین اور عدالتی شعبے سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی اور انصاف کے نظام کو مضبوط بنانے، قانون کی حکمرانی کے فروغ اور قانونی اصلاحات سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا۔ سمٹ کے آخری روز ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے خطاب کیا۔ اس موقع پر وزیر مملکت برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

خیبر پختونخوا کو کئی ماہ مفلوج رکھا گیا، انجینئر امیر مقام

حکمران طبقہ مارچوں اور ذاتی مفادات کے لیے عوام کا پیسہ استعمال کرتا رہا

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان و کیڈر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں گزشتہ کئی ماہ کے دوران صوبے کو مفلوج رکھا گیا، حکمران طبقہ مارچوں اور اپنے ذاتی مفادات کے لیے عوام کا پیسہ استعمال کرتا رہا، منگل کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو اس اقدام پر مبارکباد پیش کرتا ہوں جو ان کی بہتری کے لیے کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام مہینوں احتجاج اور ظلم جام کرنے کے دعوں کے برعکس متعلقہ کال مسترد کر دی جبکہ لوگ خوشی کا اظہار کرتے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)


اسلام آباد، وفاقی وزراء عطاء اللہ تارڑ اعظم نذیر تیز میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

موسمیاتی اور ترقیاتی منصوبوں کا حصہ بنانے کیلئے کوشاں ہیں، وزیراعظم

قدرتی آفات ایک ہی دن میں برسوں کی ترقی کو نقصان پہنچا سکتی ہیں

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق خطرات میں اضافے کے پیش نظر ان خطرات میں کمی کو اپنے موسمیاتی اور ترقیاتی منصوبوں کا حصہ بنانے کے لئے کوشاں ہیں۔ منگل کو سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں وزیراعظم نے کہا کہ آج کی انتظامیہ کل کے تحفظ کے لیے ضروری ہے، قدرتی آفات کے خطرات میں کمی کے عالمی دن کے موقع پر ہم پاکستان بھر میں محفوظ اور قدرتی آفات کا مقابلہ کرنے کی زیادہ صلاحیت رکھنے والی کمیونٹیز کی تعمیر کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی آفات ایک ہی دن میں برسوں کی ترقی کو نقصان پہنچا سکتی ہیں موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق خطرات میں اضافے کے پیش نظر ہم خطرات میں کمی کو اپنے موسمیاتی اور ترقیاتی منصوبوں کا (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد، اسحاق ڈار گندم درآمدات سٹیئرنگ کمیٹی کے ساتویں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ہر سرمایہ کاری کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری، تمام ضروری اقدامات کیے جائینگے، افتخار گیلانی

آزاد کشمیر قدرتی وسائل سیاحتی مقامات تجارتی وسائل اور دیگر معاشی امکانات کے حوالے سے نمایاں اہمیت رکھتا ہے، ان شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں

حکومت سرمایہ کاروں کے مسائل کے حل، سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول فراہمی کو ترجیح دے رہی ہے وزیراعظم کی نومنتخب پیپرز مین انویسٹمنٹ بورڈ رضوان انور سے گفتگو

مظفر آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر افتخار گیلانی سے نومنتخب پیپرز مین انویسٹمنٹ بورڈ چوہدری رضوان انور نے ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری کے فروغ، سرمایہ کاروں کو راغب کرنے، کاروباری سرگرمیوں میں اضافے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کہا کہ حکومت آزاد کشمیر میں سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے اور سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات مہیا کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ سرمایہ کاری کا تحفظ حکومت کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلے میں تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آزاد کشمیر قدرتی وسائل، سیاحتی مقامات، آبی وسائل اور دیگر معاشی امکانات کے حوالے سے نمایاں اہمیت رکھتا ہے۔ ان شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)


مظفر آباد۔ وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی محکمہ خوراک کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسسٹنٹ کمشنر چکوال نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

عوام کے مسائل حل کرنا ترجیحات میں شامل، اجازت نہیں دی جائے گی، محمد اقبال

چکوال (سٹی رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر چکوال محمد اقبال نے عہدے کا چارج سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ اس سے قبل وہ لاہور میں اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹرز کے فرائض انجام دے رہے تھے۔ جہاں سے ان کا تبادلہ چکوال کر دیا گیا۔ اپنے دفتر میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر محمد اقبال نے کہا کہ عوام کے مسائل حل کرنا ان کی ترجیحات میں شامل ہے اور خود سائنہ عہدگانی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ تاجروں کو اشیائے خورد و نوش مقررہ سرکاری نرخوں پر فروخت کرنے کا پابند بنایا جائے گا۔ انہوں نے یونیو افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے دفاتر میں موجود رہیں اور عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں۔ انہوں نے بتایا کہ تحصیل چکوال کا چارج سنبھالنے انہیں ایک ہفتہ ہوا ہے اور ان سے پہلے تعینات اسسٹنٹ کمشنر نے بھی اچھا کام کیا۔ ان کی اولین ترجیحات میں عوامی مسائل کا فوری حل، یونیو معاملات میں بہتری اور صفائی ستھرائی کے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

77 حد فیڈس کو زیرو ڈیوٹی شیڈنگ، تنظیمیہ نے بجلی کا بٹن عوام کے ہاتھ میں دے دیا

زیرو ڈیوٹی شیڈنگ فیڈر کی سہولت پر قرار کمتاب صارفین کے ساتھ تعاون اور مسلسل مشاورت سے مشروط ہے

میرپور خاص (پ ر) تھیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو انجینئر فیض اللہ ڈاہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج آغاز ہے ناون کی عوام کے لیے اور میرے لیے خوشی کا دن ہے، اس سے قبل 77 فیڈرز کو زیرو ڈیوٹی شیڈنگ پر منتقل کیا جا چکا ہے، جبکہ آج وہ فیڈر کی توسیع ایک اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی عدتات دور کرنے اور صارفین کے تعاون سے یہ منصوبہ ممکن ہوا۔ بجلی کی بلا تعطل فراہمی سے کاروباری (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)


سیکرٹری چیف ایگزیکٹو انجینئر فیض اللہ ڈاہری وزیراعظم پیکج کے تحت مرحوم ملازمین کی بیواؤں اور لواحقین کے درمیان اسسٹنٹ پیکج کے تحت مالی امداد کے چیکس تقسیم کیے گئے، تھیسکو ترجمان

ڈی پی او چکوال کی تھلی کچہری، شہریوں کی شکایات کے فوری ازالے کے احکامات

چکوال (سٹی رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کاشف ذوالفقار نے پولیس سروسز کی فراہمی کا معیار بہتر بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر تھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں شہریوں کی درخواستیں اور شکایات سنیں اور ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او کاشف ذوالفقار نے کہا کہ شہریوں کے مسائل حل کرنا ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ہر خاص و عام کے لیے باقاعدہ ڈی (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

حکومت کی محمود اچکزئی کو اسپیکر چیمبر آکر ملاقات کرنے کی دعوت

ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں بیٹھنے کیلئے جگہ اہمیت نہیں رکھتی

قائد حزب اختلاف اسپیکر چیمبر ضرور آئیں اور بات کریں، طارق فضل

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی حکومت نے ایک بار پھر قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو اسپیکر چیمبر آکر ملاقات کرنے کی دعوت دیدی۔ میڈیا سے گفتگو میں وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی حکومت اور اپوزیشن کیلئے برابر ہیں، سردار ایاز صادق غیر جانبدار ہیں، ملکی مفاد اور آئینی معاملات میں بیٹھنے کیلئے جگہ اہمیت نہیں رکھتی، قائد حزب اختلاف اسپیکر چیمبر ضرور آئیں اور بات کریں۔ انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی میں بات کرنے کیلئے بھی اسپیکر سے اجازت لینا پڑتی ہے، اسپیکر کا رویہ ایسا ہیکہ اپوزیشن لیڈ (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

داؤد چھاڈیم منصوبہ 24 سال بعد بھی تاخیر کا شکار، لاگت 15 ارب تک پہنچ گئی

کنٹونمنٹ بورڈ اور ڈی ایچ اے کے درمیان پانی تقسیم کا فارمولا طے نہیں ہو سکا، فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر پر 36 ارب لاگت آنے کا تخمینہ

پانی کی شدید قلت، داؤد چھاڈیم کا تعمیراتی کام مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے، کمشنر راولپنڈی کی متعلقہ حکام کو ہدایات جاری

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی میں پانی کی بڑھتی ہوئی قلت کے خاتمے کے لیے داؤد چھاڈیم منصوبہ اہمیت اختیار کر گیا ہے، تاہم 24 سال گزرنے کے باوجود یہ منصوبہ تاخیر کا شکار رہا۔ ڈیم کی تکمیل کے لیے 31 دسمبر 2026 کی ڈیڈ لائن مقرر ہے، جبکہ شہر کو روزانہ 21 ملین گیلن پانی کی کمی کا سامنا ہے۔ شہر میں پانی کی یومیہ طلب 72 ملین گیلن ہے، جبکہ دستیاب فراہمی صرف 51 ملین گیلن تک محدود ہے۔ داؤد چھاڈیم سے روزانہ 35 ملین گیلن پانی فراہم کرنے کا منصوبہ ہے، جس میں سے واسا کو شہر کے لیے 15 ملین گیلن پانی مل سکے گا۔ باقی 20 (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)


لاہور، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف ستھرا پنجاب بارے خصوصی اجلاس میں کی صدارت کررہی ہیں

راولپنڈی پولیس کی کارروائیاں، ڈکیتی کے پانچ ملزمان گرفتار، تین موٹر سائیکلیں برآمد

راولپنڈی (سٹی رپورٹر) راولپنڈی پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری اور دیگر وارداتوں میں ملوث دو گروہوں کے پانچ ملزمان کو گرفتار کر کے تین مسروقہ موٹر سائیکلیں اور نقدی برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق پیرودھائی پولیس نے تین رکنی گینگ کو گرفتار کر کے دو مسروقہ موٹر سائیکلیں اور قیمتی برآمد کی، جبکہ صادق آباد پولیس نے دو رکنی گینگ کو گرفتار کر کے ایک مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کی۔ ایس پی راول ریجن بخت کو (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

غربت کا خاتمہ انسانی ترقی اور پائیدار معاشی خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے

ترقی کے ثمرات ملک کے ہر شہری اور ہر علاقے تک پہنچانا، احسن اقبال

معاشی مواقع کی منصفانہ فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، وفاقی وزیر کا خطاب

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو پائیدار اور مساوی معیشت بنانے کے لیے غربت کے خاتمے، انسانی وسائل کی ترقی اور سماجی اشاریوں میں بہتری کو قومی ترجیحات میں سرفہرست رکھنا ہوگا۔ ترقی کے ثمرات ملک کے ہر شہری اور ہر علاقے تک پہنچانا اور معاشی مواقع کی منصفانہ فراہمی یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جامع معاشی ترقی، معاشی خوشحالی اور غربت سے خوشحالی کی جانب سفر کے موضوع پر منعقدہ کانفرنس میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی نمائندگی کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ غربت محض آمدنی کی کمی نہیں بلکہ تعلیم، صحت، تغذیہ اور باعزت روزگار تک محدود رسائی کا نام بھی ہے۔ پاکستان میں غربت کی شرح میں اضافے اور کمزور سماجی اشاریوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملک کی پائیدار ترقی کے لیے ان بنیادی مسائل کا حل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

پاکستان میں رواں مالی سال مہنگائی 9.9 فیصد تک پہنچنے کا تخمینہ، آئی ایم ایف

متوسط مدت کے استحکام، خسارے پر قابو پانے اور انتہائی کمزور طبقے کو ٹارگٹڈ ریلیف دینے کی ضرورت ہے

جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، ورلڈ اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) مالی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے رواں مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح مزید بڑھنے کا خدشہ ظاہر کیا ہے۔ آئی ایم ایف نے ورلڈ اکنامک آؤٹ لک 2026 جاری کر دی۔ آئی ایم ایف کے مطابق گزشتہ مالی سال پاکستان میں مہنگائی کی شرح 1.7 فیصد رہی، جو کہ رواں مالی سال میں بے روزگاری کی شرح 5.6 فیصد رہے گی۔ عالمی مالیاتی فنڈ کا کہنا ہے کہ عالمی شرح نمو 2025 میں 3.5 فیصد تھی، جو 2026 میں 3.1 فیصد رہنے کی توقع ہے، عالمی معاشی نمو 2027 میں 3.4 (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)


اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کو ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمیر حسین اور با کتاب پیش کررہے ہیں

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں

گرفتاری یقینی بنائی جائے، اعلیٰ حکام کی افسران کو ہدایت

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد پولیس کے تھانہ مارگلہ کی ٹیم نے نواب آف بہاولپور اسٹیٹ کے گھر چوری کی واردات میں ملوث چھ ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے سات کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مسروقہ سامان، جعلی انڈیا اور نقدی برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے خلاف مقدمہ در (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے نفاذ سے سیاسی بحران مزید بڑھے گا، حافظ نعیم

پارلیمان لیوی مقرر کرنے کا اختیار حکومت سے واپس لینے کے لیے قانون سازی کرے، امیر جماعت اسلامی


ممبران جمہوری بالادستی کیلئے کردار ادا کریں، امیر جماعت اسلامی پاکستان کا پارلیمانی پارٹیوں کے سربراہان و اراکین کو خط

لاہور (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے سینٹ اور قومی اسمبلی میں متحدہ، اتحادی اور اپوزیشن جماعتوں کے سربراہان و تمام ارکین کو خط لکھ کر پٹرولیم لیوی کے ناتے عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے اور خیبر پختونخوا میں آئینی و جمہوری نظام کے تحفظ کے لیے مشترکہ پارلیمانی کردار ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے اپنے خط میں کہا ہے کہ ملک اس وقت شدید معاشی دباؤ اور خیبر پختونخوا سیاسی صورت حال سے دوچار ہے۔ ایک طرف مہنگائی نے عوام کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے تو دوسری جانب خیبر پختونخوا میں گورنر راج (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)


گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی پولیس کی تحویل میں ہلاک ہونے والے دہشتگرد کے ورثا کے لئے دیت کے چیک تقسیم کررہے ہیں

EDITORIAL PAGE
اداراتی صفحہ

تنازعہ کشمیر اور حب الوطنی کے تقاضے



ایک بار بھارتی آرمی چیف سے کسی نے پوچھا آپ کشمیر میں عرصہ دراز سے موجود چوراہا کو بھارتی فوج کے اڈامات کہاں سے پورے کر رہے ہیں؟ اس کے لئے تو ڈربوں روپے کی سالانہ ضرورت ہوتی ہو گی۔ بھارتی آرمی چیف مسکرا کے بولا کہ جی ہاں آپ نے درست فرمایا کہ انتی بڑی فورس کے لئے سالانہ اربوں روپے کی ضرورت ہوتی ہے جس میں سے زیادہ تر حصہ پاکستان برداشت رہا ہے۔ رپورٹر بہت حیران ہوا کہ پاکستان؟ مگر وہ کیسے؟ آرمی چیف نے جواب دیا کہ بھارت میں ہر ایک فلم سے 20 سے 30 فیصد ٹیکس حاصل کرتے ہیں۔ لیکن جب وہی فلم پاکستان میں جاتی ہے تو ہم ٹیکس کی ٹوٹی 50 فیصد کر دیتے ہیں اور ہم سال میں کئی فلمیں ریلیز کرتے ہیں۔ اگر فلم 10 کروڑ دے تو 5 کروڑ ہمیں ٹیکس آجاتا ہے۔ بس سے ہم اپنی فوج کے اڈامات پورے کرتے ہیں۔ اور اسی طرح باقی اڈامات پاکستان کے لوگ انڈین پیشل دیکھ کر پورے کرتے ہیں۔ محترم پاکستانی کشمیری بہنوں اور بھائیوں کے غیر خواہ ہیں؟ کیا ہم ان کے خواب اور نعرے "کشمیر بنے گا پاکستان" کے معیار اور وزن پر پورا اترتے ہیں؟ اگر ہم کشمیری بہنوں اور بھائیوں کی تکلیف کو سمجھتے ہیں تو ہم بھارت کے گانے اور فلموں کے ذریعے بھارت کو اربوں روپے کی ہیوٹ کر رہے ہیں اس طرح بالواسطہ یا بلاواسطہ مقبوضہ کشمیر میں اپنی مسلمان بہنوں، بھائیوں اور ہمارے بڑوں کے قتل عام میں برابر کے شریک ہیں؟ سوچیں، غور کریں اور کشمیری مسلمانوں کا کرب محسوس کریں اب صورت حال یہ ہے کہ پاکستان میں بھارتی فلموں کی نمائش پر تمام سینما چھاپ بھرے ہوتے ہیں انڈین پینٹنگز ہمارے پسندیدہ بن چکے ہیں جس کی وجہ سے ہمارا رسم و رواج، کلچر اور روایات بری طرح متاثر ہو رہی ہیں اور ہر کشمیر میں بھی شہیدوں کی بیٹیوں کو پاکستانی پرچم میں لپیٹ کے جنازے بڑھے جا رہے ہوتے ہیں۔ جنہیں بھارتی فلموں کی کہانیاں تو یاد رہتی ہیں ساتھ مقبوضہ کشمیر میں بھی مسلمانوں کی سربراہی (یوسفیا) جیسا قتل عام اور نسل کشی کو دیکھے گی؟ انہوں نے مالی بدحالی کو خبردار کیا کہ اگر مقبوضہ وادی میں ایما کرنے کی اجازت دی گئی تو اس کے اثرات پوری مسلم دنیا پر پڑیں گے جس کا شدید ردعمل سامنے آئے گا جبکہ انتہا پسند اور انتہ دی سوچ پروان چڑھے گی۔ بہرحال یہ بات خوش آئند ہے کہ مالی سطح پر بھارت کو بڑی سفارتی کامیابی کا سامنا کرنا پڑا ہے اور کشمیر پر بھارتی قبضے کا معاملہ 50 سال بعد اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل تک پہنچ گیا ہے۔ بھارت کی جانب سے 5 اگست کو مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت سے متعلق آرٹیکل 370 ختم کیے جانے اور مقبوضہ وادی میں کرفیو کے بعد پیدا ہونے والی کشیدہ صورتحال پر وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا اجلاس بلانے کے لیے خط لکھا تھا۔ بھارت نے سلامتی کونسل کا اجلاس بلائے جانے سے روکنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی مگر ناکام رہا۔ پچاس سال میں یہ پہلا موقع ہے کہ سلامتی کونسل کشمیر کے معاملے پر اجلاس منعقد کر رہی ہے جو عالمی سطح پر بھارت کی بڑی شکست ہے۔ دوسری جانب روس نے بھی بھارت کا ساتھ چھوڑ دیا۔ روسی نائب مندوب دمیتری پولیانسکی نے نیویارک میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ روس کشمیر سے متعلق سلامتی کونسل کے اجلاس کی مخالفت نہیں کرے گا۔ اقوام عالم نے اگر کشمیر کے مسئلہ کو تسلیم نہیں کرن

بقیہ 1

ایس ریلوے کا کہنا ہے کہ حادثے کی وجوہات سے متعلق کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ 3 سے 4 گھنٹے میں ڈاؤن ٹریک بحال کردیا جائے گا، حادثے کی وجوہات کی تحقیقات کے لیے کمیٹی کام کر رہی ہے، شواہد جمع کیے جا رہے ہیں۔ ڈی ایس ریلوے کے مطابق متاثرہ ٹرین کے مسافروں کو ریلوے اسٹیشن پہنچانے کے لیے دوسری کوچ فراہم کی گئی ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم شہبازشریف نے ملتان میں رحمان بابا ایکسپریس کی بوگیاں پٹری سے اترنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد سے اظہار افسوس کیا ہے۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو امدادی کارروائیاں تیز کرنے اور زخمیوں کو ہرممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 2

نے والے اس جدید ورژن سے پاک فوج کی رسائی اور دور دراز اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت میں مزید اضافہ ہوگا۔ میزائل کے تجربے کا مشاہدہ کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ، پاک فوج کے سینئر افسران، سائنسدانوں اور انجینئرز نے کیا۔ کمانڈر آرمی راکٹ فورس کمانڈ نے سائنسدانوں اور انجینئرز کی لگن اور تکنیکی مہارت کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق صدر مملکت، وزیراعظم پاکستان، چیف آف آرمی اسٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز اور مسلح افواج کے سربراہان نے فتح 2 میزائل کے ایکسٹینڈڈ رینج ورژن کے کامیاب تجربے پر سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارکباد دی۔

بقیہ 3

نے کہا کہ گندم کی بوائی سے پہلے اس کی مناسب قیمت کا تعین ضروری ہے تاکہ کسان فصل اگانے کے حوالے سے بہتر منصوبہ بندی کرسکیں اور انہیں اپنی محنت کا مناسب معاوضہ ملے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کسانوں کے مفادات اور صارفین کی ضروریات کے درمیان توازن قائم کرنا چاہتی ہے۔ وزیراعظم نے بتایا کہ ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے گندم وافر مقدار میں موجود ہے، تاہم اس کی ذخیرہ اندوزی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ گندم کی قیمت کے تعین کے لیے صوبوں سے مشاورت کی جائے گی اور اس عمل کو مکمل کرکے جلد اعلان کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ زراعت پاکستان کی معیشت کو ترقی دینے اور ملکی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ وفاقی حکومت زرعی شعبے کی ترقی کے لیے صوبوں کو ہر قسم کا تعاون فراہم کرے گی تاکہ کسانوں کو سہولیات ملیں، زرعی پیداوار میں اضافہ ہو اور غذائی ضروریات بہتر انداز میں پوری کی جاسکیں۔ انہوں نے پنجاب حکومت کے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف کسانوں کی ترقی، آبی زراعت (ایکواکلچر)، جھینگوں کی فارمنگ اور کسان کارڈ کے ذریعے براہ راست سبسڈی کی فراہمی جیسے اقدامات کر رہی ہیں۔

بقیہ 4

سالوں میں آئین کے مطابق متعدد بار ایمرجنسی لگ چکی ہے، لیکن ایسا کبھی نہیں ہوا کہ جب کسی حکومت کو معطل کیا ہو، بغیر کسی ابہام کے کہ وہ دشمن جو ہمارے ملک کے اندر بھی انتشار پیدا کر رہے ہیں، پی ٹی آئی کو صوبے میں حکمرانی کرتے 13 سال ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا حکومت نے پوری کوشش کی کہ ایمرجنسی نافذ نہ لگانا پڑے۔ وزیراعلیٰ اور ان کے ساتھ ارکان اسمبلی جس طرح کی زبان استعمال کر رہے تھے وہ پاکستانی کی نہیں ملک دشمنوں کی زبان تھی۔ دو تین سالوں میں جب بھی دہشتگردی نے زور پکڑا ہے پی ٹی آئی کی حکومت نے کسی بھی اسٹیج پر دہشتگردی کے خلاف کوئی بیان نہیں دیا، طالبان اور افغانستان نے ہماری جغرافیائی حدود کی خلاف ورزی کی اس پر بیان نہیں دیا، بعض چیزیں قول وفعل سے پتا چلتی ہیں، ملک کیلئے جانیں دینے والوں کی توہین کرنا، جنازے نہ پڑھنا۔ انہوں نے کہا کہ میں کھل کر کہوں گا کہ یہ دہشتگردوں کے اتحادی بن چکے تھے، ان کو قومی اور صوبائی خزانے میں حصہ دار بنایا ہوا تھا

بقیہ 5

سے متعلق رپورٹس بھی چیک کی گئیں۔ مریم نواز شریف نے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب کے ورکرز کو تنخواہوں اور واجبات کی ادائیگی یقینی بنانے کے لئے قانونی راستہ نکالا جائے، کنٹریکٹرز کے ذمے واجبات کی سزا ورکرز کو نہیں دی جائے گی، اجلاس میں نادہندہ کمپنیوں سے ورکرز کے واجبات ریکور کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کام نہ کرنے والی نجی کمپنیوں کو فارغ کرکے ایک ہفتے کے اندر سرکاری سطح پر متبادل صفائی آپریشن فعال کرنے کی ہدایت کی، ستھرا پنجاب کے ورکرز کو واجبات کی ادائیگی میں تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس میں پنجاب بھر میں ستھرا پنجاب کا پیٹ سسٹم سات روز میں نافذ کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر کی گئی، ہر تحصیل میں افرادی قوت، مشینری اور فیلڈ مانیٹرنگ افسران کی کارکردگی سے متعلق ہفتہ وار تفصیلی رپورٹ طلب کی گئی۔ وزیراعلیٰ نے ہدایت کی کہ 80 فیصد سے کم کارکردگی دکھانے والی صفائی کمپنیوں کو وارننگ دی جائے، جبکہ 50 فیصد سے کم کارکردگی پر متعلقہ کمپنیوں کو فارغ کیا جائے، دیہی علاقوں میں کم از کم متبادل ایام میں صفائی یقینی بنانے اور کچرے کے ڈھیر اٹھانے کا حکم بھی دیا گیا۔ اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ ہر تحصیل میں صفائی کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے متعلقہ اسسٹنٹ کمشنر اور ستھرا پنجاب کے انچارج کو ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا، ورکرز کی نگرانی اور کارکردگی بہتر بنانے کیلئے خصوصی ایپ متعارف کرانے کی تجویز کا بھی جائزہ لیا گیا۔ بریفنگ کے مطابق پنجاب کے ہر ڈویژن میں اینٹی لٹرنگ سکواڈ متحرک ہے اور اب تک 2 لاکھ 64 ہزار وزٹ کیے جاچکے ہیں، سکواڈز نے صفائی کے مقررہ ضابطوں کی خلاف ورزیوں پر وارننگ جاری کرنے کے ساتھ شہریوں میں آگاہی بھی فراہم کی۔ وزیراعلیٰ مریم نوازشریف نے ضلع چکوال میں صفائی کی بہتر صورتحال پر ڈپٹی کمشنر سارہ حیات اور ان کی پوری ٹیم کو سراہا اور صوبے بھر میں صفائی کے معیار کو بہتر بنانے کیلئے موثر اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی۔

بقیہ 6

ئی حکومت نے پاکستان تحریک انصاف اور خیبر پختونخوا حکومت کے ساتھ دہشتگردی کے خلاف مشترکہ پالیسی پر اتفاق رائے کیلئے متعدد بار مذاکرات کی کوشش کی، تاہم وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا انسداد دہشتگردی کے مربوط اقدامات پر آمادہ نہیں ہوئے، آئین کے تحت اقدامات کیے، اب صوبائی میں کوئی دہشت گردوں کا حامی نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم پی ٹی آئی کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف اقدامات اور مشترکہ پالیسی کے بارے میں مذاکرات کر رہے تھے

بقیہ 7

کی صدر رجب طیب اردوان سے بھی ملاقات ہوئی۔ بیرسٹر عقیل ملک نے سمٹ کے دوران XXX ہجرت، ذمہ داریوں کی تقسیم اور انسانی وقار XXX کے موضوع پر منعقدہ وزارتی مباحثے میں شرکت کی۔ انہوں نے مہاجرین کے تحفظ، انسانی امداد، عالمی ذمہ داریوں کی تقسیم اور جبری نقل مکانی کی بنیادی وجوہات سے نمٹنے کے لیے مشترکہ بین الاقوامی کوششوں کی اہمیت اجاگر کی اور اس حوالے سے پاکستان کا موقف پیش کیا۔ سمٹ کے موقع پر وزیر مملکت برائے قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے ترکیہ کے وزیر انصاف آکن گرلیک سے دوطرفہ ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور انصاف، قانونی اصلاحات، عدالتی تعاون اور ادارہ جاتی استعداد کار بڑھانے کے شعبوں میں پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعاون کو مزید وسعت دینے کے امکانات پر گفتگو ہوئی۔ دونوں جانب سے موجودہ تعاون کو مضبوط بنانے اور دوطرفہ ادارہ جاتی روابط کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ بیرسٹر عقیل ملک نے آذربائیجان کے وزیر انصاف فرید احمدوف سے بھی دوطرفہ ملاقات کی۔ ملاقات میں انصاف، قانونی اصلاحات، عدالتی تعاون اور ادارہ جاتی استعداد کار بڑھانے کے شعبوں میں پاکستان اور آذربائیجان کے درمیان تعاون کو مزید فروغ دینے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر مملکت برائے قانون و انصاف نے یوگنڈا کے وزیر انصاف و آئینی امور نوربرٹ ماؤ، جمہوریہ کانگو کے وزیر مملکت برائے انصاف گیوم نگیفا اتوندوکو اندائی اور بوسنیا و ہرزیگووینا کے نائب وزیر انصاف ایلویر محمود بیگ سے بھی ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں میں بین الاقوامی قانونی تعاون، عدالتی روابط اور ادارہ جاتی شراکت داری کے فروغ سے متعلق امور زیر بحث آئے۔ وزیر مملکت نے بین الاقوامی قانونی ماہرین، قانون کے اساتذہ اور قانونی شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد کے ساتھ بھی تبادلہ خیال کیا۔ ان ملاقاتوں اور روابط کا مقصد قانونی و عدالتی شعبوں میں بین الاقوامی تعاون اور ادارہ جاتی شراکت داری کے فروغ کے امکانات کو آگے بڑھانا تھا۔ انٹرنیشنل جسٹس سمٹ 2026 میں پاکستان کی شرکت بین الاقوامی قانونی مکالمے، عدالتی تعاون اور مختلف ممالک کے درمیان ادارہ جاتی روابط کو مضبوط بنانے کے لیے پاکستان کے عزم کی عکاس ہے

بقیہ 8

نہ پہنچیں۔ منگل کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو اللہ تعالیٰ نے ایک نعمت عطا کی اور اب نظام کو دوبارہ درست کرنے کا موقع ملا ہے، اس کی قدر کرنی چاہیے، ریاستی عملداری قائم رکھنا اور نظام حکومت کو بہتر بنانا سیاسی نعروں کا نہیں بلکہ ریاستی ذمہ داری کا معاملہ ہے۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ وفاقی حکومت یہ اقدام نہیں لینا چاہتی تھی تاہم حالات کے پیش نظر یہ فیصلہ کرنا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ فرنٹیئر بطور شہدا کے خاندانوں کی نمائندگی کر رہی ہیں جنہوں نے صوبے میں امن کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد نظام کو دوبارہ درست کرنا، امن وامان بہتر بنانا اور صوبے میں خوشحالی وترقی کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا ہے، خیبر پختونخوا کے عوام بہتر تعلیم، صحت کی سہولیات اور ایک مثالی پولیس نظام کے مستحق ہیں۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ یہ کسی ایک جماعت کی حکومت نہیں بلکہ پورے صوبے کے عوام کی بہتری کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس عمل کی حمایت کریں تاکہ صوبے میں امن، ترقی اور خوشحالی کا دور شروع ہوسکے

بقیہ 9

بنانے اور ان افراد کے تحفظ کے لیے شراکت داری کو مضبوط بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں جو سب سے زیادہ خطرات سے دوچار ہیں۔

بقیہ 10

ہوئے مٹھائیاں تقسیم اور اس اقدام کی حمایت کر رہے ہیں۔ انجینئر امیر مقام نے کہا کہ نئے سیٹ اپ کی اولین ترجیح خیبر پختونخوا میں امن وسکون کا قیام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف خود اس معاملے کو دیکھیں گے اور وفاقی حکومت، افواج پاکستان، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت اور صوبے کے نئے سیٹ اپ کے اشتراک سے صوبے کے عوام کو امن فراہم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 11

انتظامات شامل ہیں۔ ریونیو سے متعلق عوامی شکایات کے ازالے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے، جبکہ شہریوں کی سہولت کے لیے ان کے دفتر کے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر چکوال کی ہدایات کے مطابق پرائس کنٹرول، تجاوزات کے خاتمے اور صحت و تعلیم کی سہولیات بہتر بنانے کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اقدامات کیے جارہے ہیں۔ کاروباری طبقے کو سہولیات فراہم کرنا، چھوٹے اور بڑے تاجروں کے مسائل سننا اور کاروباری سرگرمیوں میں غیر ضروری رکاوٹوں سے گریز بھی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحصیل چکوال میں صفائی ستھرائی کے انتظامات بہتر بنانے پر توجہ دی جارہی ہے اور کسی بھی شکایت پر فوری کارروائی کی جاتی ہے۔

بقیہ 12

، جن سے استفادہ کرتے ہوئے روزگار کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں اور آزاد خطے کی معیشت کو مستحکم بنایا جاسکتا ہے۔ حکومت سرمایہ کاروں کے مسائل کے حل اور سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی کو ترجیح دے رہی ہے۔ سرمایہ کاروں کو ون ونڈو آپریشن سہولت کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔ چیئرمین انوسٹمنٹ بورڈ چوہدری رضوان انور نے وزیراعظم آزاد کشمیر کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم آزاد کشمیر نے چوہدری رضوان انور کو بطور چیئرمین انوسٹمنٹ بورڈ تعیناتی کا نوٹیفکیشن بھی دیا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی نے کوہاٹ کے قریب پاک فوج کے تربیتی طیارے کے حادثے پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے طیارے حادثے میں شہید ہونے والے آفیسران کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیراعظم آزاد کشمیر نے میجر حسنین شہزاد، دانیال شہید اور کیپٹن عبدالصمد شہید کے خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہداء کے بلندی درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ 13

سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ چوہان برادری کی خدمات کو سراہتے ہوئے ڈومنڈوہ فیڈر کا نام تبدیل کرکے "حاجی علیم الدین چوہان فیڈر" رکھنے کا اعلان، "لوڈشیڈنگ کا بٹن اب آپ کے ہاتھ میں ہے" زیرولوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت برقرار رکھنا اب صارفین کے اپنے تعاون اور ذمہ داری سے مشروط ہے۔ اگر صارفین بجلی چوری روکیں، بروقت بل ادا کریں، لائن لاسز کو مقررہ حد میں رکھیں اور بجلی کے نظام کی بہتری میں حیسکو کا ساتھ دیں تو انہیں 24 گھنٹے بجلی کی فراہمی جاری رکھنے میں مدد ملے گی۔ یعنی پہلے لوڈشیڈنگ کا فیصلہ گرڈ اسٹیشن کی سطح پر کیا جاتا تھا، جبکہ زیرو لوڈشیڈنگ فیڈر کے تحت اب صارفین کا تعاون اس سہولت کو برقرار رکھنے میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ زیرو لوڈشیڈنگ کی سہولت برقرار رکھنا اب صارفین کے تعاون سے مشروط ہے۔ اپنے گھر اور کاروبار کو روشن رکھنے کا اخلاقی معاہدہ کریں جس کے تین نکات ہیں (1) ہم چوری نہیں ہونے دیں گے، (2) نہ ہی خود چوری کریں گیں، (3) ہم لاسسز کو 20 فیصد سے کم رکھیں گے ریکوری 100 فیصد رکھتے ہوئے اور ڈسٹریبیوشن سسٹم کو بہتر رکھیں گے تاکہ AT&C کنٹرول میں رہے، حیسکو اور بجلی صارفین نے اس پر مکمل عمل کرتے ہوئے زیرولوڈشیڈنگ فیڈر کی سہولت کے تحت بجلی استعمال کرتے رہیں گے، قلیل مدت میں یہ منصوبہ مکمل کرنے پر اپنے تمام افسران اور ورکرز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، رواں مالی سال میں مزید 68 عدد 11 کے وی فیڈرز پر لوڈشیڈنگ کریں گے، تین سالوں میں 70 فیصد 11 کے وی فیڈرز زیرولوڈشیڈنگ کریں گے، ہم یہ چاہتے ہیں کہ اس وطن عزیز کی قوم کو بنیادی ضروریات کی سہولتیں بہتر میسر ہوں، تاکہ ترقی کا سفر رواں دواں رہے، صارفین کا اعتماد بحال کرتے ہوئے ان کے مکمل تعاون سے یہ ممکن ہو رہا ہے۔ میں اپنی حیسکو کی ٹیم میں شامل ایس ای سرکل لاڑکانہ کنیل احمد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن چھیلی زوہیب شیروانی، ایس ڈی او آپریشن سب ڈویژن چھیلی ممتاز علی میمن کو مبارکباد دیتا ہوں، یہ پوری ٹیم ورک کا نتیجہ ہے یہ میری خواہش ہے کہ میں لوگوں کی خدمت کروں اور انکے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروں، اس موقع پر چیف آپریٹنگ آفیسر اعجاز احمد شیخ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج ڈومنڈوہ فیڈر کو ڈومنڈوہ سے منسلک کیا جا رہا ہے میری سروس کے 27 سال کے دوران میں کبھی نہیں سوچا تھا کہ یہ فیڈر بھی لوڈشیڈنگ فری ہوسکتا ہے لیکن چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی بدولت ممکن ہوا ہے جتنا خوبصورت کام ایکسین آپریشن ڈویژن چھیلی محمد زوہیب شیروانی نے کروایا ہے پورے حیدرآباد میں کہیں بھی نہیں ہوا، جس کی وجہ سے میں ایس ای آپریشن سرکل لاڑکانہ کنیل احمد شیخ، ایکسین آپریشن ڈویژن چھیلی محمد زوہیب شیروانی، ایس ڈی او ممتاز میمن اور انکی پوری ٹیم کو مبارکباد دیتا ہوں۔ اس موقع پر صدر حیدرآباد چیمبر آف کامرس عدیل صدیقی نے کہا کہ مجھے یاد ہے جب حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے ڈیفنس فیڈرز کو زیرولوڈشیڈنگ پر منتقل کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ صرف شروعات ہے، اور آج تقریباً 77 فیڈرز زیرو لوڈشیڈنگ پر منتقل ہوچکے ہیں۔ انہوں نے حیسکو چیف کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے انہیں "مسیحا برائے آف حیدرآباد" قرار دیا اور کہا کہ ان کی صارف دوست پالیسیوں کی بدولت حیدرآباد روشن ہو رہا ہے۔ ماضی میں حیسکو کو شدید تنقید کا سامنا تھا......

بقیہ 14

پی او آفس کے دروازے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اور پولیس کے درمیان باہمی رابطوں کو فروغ دیا جا رہا ہے تاکہ جرائم میں کمی لائی جاسکے۔ کھلی کچہری کے دوران سائلین کے مسائل تفصیل سے سنے گئے اور ان کے فوری حل کے لیے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کی گئیں۔ ڈی پی او نے ہدایت کی کہ تمام درخواستوں کو قانون اور میرٹ کے مطابق مقررہ وقت میں نمٹایا جائے اور شہریوں کو ہرممکن ریلیف فراہم کیا جائے

بقیہ 15

رکوان کے کچھ آنے پر کوئی شکایت نہیں ہوگی

بقیہ 16

ابد بیوہ (مرحوم) طاہر محمود، مسمات شازیہ بیوہ (مرحوم) ذوالفقار علی، مسمات زبیدہ بیوہ (مرحوم) گل حسن، مسمات حکیمہ بیوہ (مرحوم) محمد اقبال، مسمات شہزادی بیگم بیوہ (مرحوم) محمد عمر، مسمات فرزانہ بیوہ (مرحوم) شکیل، مسمات شمیم بانو بیوہ (مرحوم) عبدالستار، مسمات ساجدہ خانم بیوہ (مرحوم) محمد عمران اور مسمات عائشہ ناز بیوہ (مرحوم) ندیم احمد شامل ہیں اس موقع پر حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کے ہمراہ ڈی جی ایچ آر اینڈ ایڈمن شفیق احمد میمن، منیجر (ایڈمن) سیف الدین میمن، منیجر (ایچ ایس ای اینڈ ایس ایم) آصف شیراز، ڈپٹی ڈائریکٹر (سروسز) علی خان جمالی، ڈپٹی ڈائریکٹر (سیفٹی) سید مختیار حسین شاہ، ایکسین (سول) ظفر سومرو، ڈپٹی منیجر (ٹیکس اینڈ بینکنگ) افتخار چھچھر، ڈپٹی ڈائریکٹر (پبلک ریلیشنز) محمد صادق کیریو، ایس ڈی او آر آزاد ظفر ولید او چانڈیو، قائد مزدور عبداللطیف نظامانی مرکزی صدر آل پاکستان واپڈا ہائیڈرو الیکٹرک یونین (سی بی اے)، اقبال خان موجود تھے۔

بقیہ 17

یت، عوامی حقوق اور پارلیمان کے وقار کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی نے پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عام شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ اس کا بوجھ صرف گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کے مالکان تک محدود نہیں رہتا بلکہ ٹرانسپورٹ، خوراک، زراعت، صنعت اور روزمرہ استعمال کی اشیا کی قیمتوں میں اضافے کے ذریعے پورا معاشرہ متاثر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان کو عوامی مفاد میں پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کے لیے قانون سازی کا اختیار استعمال کرنا چاہیے۔ پارلیمنٹ لیوی کی بالائی حد مقرر کرنے کا اختیار حکومت کو دے کر اپنے کردار کو کمزور کیا، ارکان پارلیمنٹ کی بنیادی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے موثر اقدامات کریں۔ اگر پارلیمان ماضی میں عوام کو ریلیف دینے کا فیصلہ کرسکتی تھی تو اب بھی اپنے آئینی اور قانونی اختیار کے ذریعے پیٹرولیم لیوی ختم کرکے عوام کو ریلیف فراہم کرسکتی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی اس مشکل وقت میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے قابل عمل تجاویز پیش کر چکی ہے۔ حکومت کے ساتھ مذاکرات میں بھی ایسے اقدامات کی نشاندہی کی گئی ہے جن کے ذریعے پیٹرولیم لیوی کے خاتمے سے ہونے والی آمدن کی کمی پوری کی جاسکتی ہے۔ ان کے بقول، حکومت کو غیر ضروری اخراجات اور مالیاتی بے ضابطگیوں پر قابو پانے کے لیے بھی اقدامات کرنے چاہئیں۔ خطاب میں خیبر پختونخوا کی صورت حال کا ذکر کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ وہاں پہلے ہی غیر یقینی صورت حال موجود ہے اور گورنر راج اور بارہ اضلاع میں ہنگامی صورتحال کے نفاذ جیسے اقدامات سے سیاسی بحران مزید گہرا ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں غیر معمولی اقدامات کے بجائے آئین، قانون اور جمہوری اصولوں کے مطابق مسائل کا حل تلاش کیا جانا چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی نے پارلیمانی جماعتوں پر زور دیا کہ وہ سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد میں مشترکہ موقف اختیار کریں، عوام کو مہنگائی سے نجات دلانے کے لیے پیٹرولیم لیوی کے خاتمے کی قانون سازی کریں اور آئینی و جمہوری نظام کے تحفظ کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پارلیمانی قیادت اس قومی مسئلے پر سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عوامی ریلیف اور جمہوری استحکام کے لیے ضروری اقدامات کرے گی۔

بقیہ 18

ج ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا کے خصوصی احکامات پر وفاقی دارالحکومت میں چوری، ڈکیتی، راہزنی اور دیگر سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور جرائم کی روک تھام کے لیے کریک ڈاؤن جاری ہے۔ پولیس حکام نے افسران کو ہدایت کی ہے کہ شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثوں سے محروم کرنے والے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں اور ان کی گرفتاری یقینی بنائی جائے۔ اسلام آباد پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ جرائم کے خاتمے کے لیے پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کے بارے میں فوری طور پر متعلقہ تھانے یا ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر اطلاع دیں۔

بقیہ 19

فیصد ہوئی۔ آئی ایم ایف کے عالمی معاشی منظرنامے کے مطابق مشرق وسطیٰ کی جنگ سے مہنگائی کی شرح 2026 میں 4.7 فیصد ہوئی، عالمی معیشت دو حصوں میں تقسیم ہے، اے آئی کے شعبے سے وابستہ یا توانائی برآمد کرنے والے ممالک بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں، توانائی درآمد کرنے والے اور ٹیکنالوجی کی دوڑ سے باہر ممالک کو مہنگائی، درآمدی بلوں اور مالیاتی دباؤ کا سامنا ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق سپلائی چینز میں لچک اور تیل کی پیداوار اور متبادل ذرائع سے پوری کرنے کے باوجود توانائی کے ذخائر کم ہو رہے ہیں، جیو پولیٹیکل بحران کی صورت میں تیل کی قیمتیں تیزی سے بڑھ سکتی ہیں، عوامی قرضوں اور شرح سود کی بلند سطح کی وجہ سے حکومتوں کیلئے مالی گنجائش محدود ہوچکی ہے، مستحکم معیشت کے استحکام، خسارے پر قابو پانے اور انتہائی کمزور طبقے کو ٹارگٹڈ ریلیف دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 20

ناگزیر ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان میں تقریباً ڈھائی کروڑ بچے اسکولوں سے باہر ہیں، جبکہ بچوں میں نشوونما کی کمی کی شرح تقریباً 40 فیصد ہے۔ تعلیم، صحت اور غذائیت کے شعبوں میں بہتری کے بغیر پاکستان عالمی معیشت میں موثر مقابلہ نہیں کرسکتا۔ انہوں نے ابتدائی بچپن کی نشوونما، معیاری تعلیم اور انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کو مستقبل کی معاشی ترقی کے لیے بنیادی اہمیت کا حامل قرار دیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی توجہ صرف غربت کی شرح کا جائزہ لینے تک محدود نہیں بلکہ لوگوں کو غربت سے نکال کر خود کفالت کی منزل تک پہنچانا ہمارا اصل ہدف ہے اور ہم اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی کوششوں کو مزید موثر اور تیز بنانے کے ساتھ ساتھ تمام متعلقہ فریقوں کو بھی متحرک کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ غربت کے پائیدار خاتمے کے لیے مستحق خاندانوں کو صرف مالی امداد یا پیداواری اثاثے فراہم کرنا کافی نہیں، بلکہ انہیں ہنر، کاروباری سرمایہ، منڈیوں تک رسائی اور قابل اعتماد ذرائع معاش بھی فراہم کرنا ہوں گے۔ انہوں نے خواتین کی معاشی خودمختاری، نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع اور جامعات کے ذریعے مقامی آبادیوں کی ترقی پر بھی زور دیا۔ احسن اقبال نے کہا کہ حکومت غربت کے خاتمے کے اقدامات کو شواہد، قابل پیمائش نتائج اور موثر نگرانی سے منسلک کرنا چاہتی ہے تاکہ مستحکم آمدنی، بچت، غذائیت اور بہتر معیار زندگی کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے خوشحال اضلاع کو پسماندہ علاقوں کی ترقی میں شراکت دار بنانے کے لیے خودکفالت سے خودانحصاری تک فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے 20 غریب ترین اضلاع میں سے 11 بلوچستان میں واقع ہیں۔ ترقی کے ثمرات ہر علاقے تک پہنچانے اور علاقائی عدم مساوات کم کرنے کے لیے وسائل اور صلاحیتوں کو مشترکہ طور پر بروئے کار لانا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کانفرنس کے شرکا پر زور دیا کہ وہ غربت میں پائیدار کمی، موثر ترقیاتی اقدامات کی توسیع اور مستحق خاندانوں کے حالات زندگی میں حقیقی بہتری کے لیے قابل عمل سفارشات اور جامع لائحہ عمل پیش کریں

بقیہ 21

ایس ریلوے کا کہنا ہے کہ حادثے کی وجوہات سے متعلق کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا، 3 سے 4 گھنٹے میں ڈاؤن ٹریک بحال کردیا جائے گا، حادثے کی وجوہات کی تحقیقات کے لیے کمیٹی کام کر رہی ہے، شواہد جمع کیے جارہے ہیں۔ ڈی ایس ریلوے کے مطابق متاثرہ ٹرین کے مسافروں کو ریلوے اسٹیشن پہنچانے کے لیے دوسری کوچ فراہم کی گئی ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم شہبازشریف نے ملتان میں رحمان بابا ایکسپریس کی بوگیاں پٹری سے اترنے کے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد سے اظہار افسوس کیا ہے۔ وزیراعظم نے متعلقہ حکام کو امدادی کارروائیاں تیز کرنے اور زخمیوں کو ہرممکن طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 22

ینٹ پلانٹ اور فلٹریشن پلانٹ کے منصوبوں پر پیش رفت ہوگی۔ دادو چھا ڈیم سے پانی کی فراہمی کے لیے نیٹ ورک، ٹریٹمنٹ اور فلٹریشن پلانٹ کی تعمیر پر مجموعی طور پر 36 ارب روپے لاگت آنے کا تخمینہ ہے۔ دادو چھا ڈیم منصوبے کی ابتدائی لاگت 6 ارب 49 کروڑ روپے مقرر کی گئی تھی، جو بڑھ کر تقریباً 15 ارب روپے تک پہنچ چکی ہے۔ سیاسی تبدیلیوں، اراضی کے تنازعات اور عدالتی کارروائیوں کو منصوبے میں تاخیر کی وجوہات قرار دیا گیا ہے۔ ڈیم پر تعمیراتی کام ستمبر 2024 میں شروع کیا گیا، جبکہ اس کی تکمیل کے لیے دسمبر 2026 کی ڈیڈ لائن مقرر ہے۔ کمشنر راولپنڈی سلمان غنی نے دادو چھا ڈیم کا دورہ کیا، جہاں انہیں تعمیراتی کاموں پر بریفنگ دی گئی۔ حکام کے مطابق منصوبے پر مجموعی طور پر 92 فیصد پیش رفت ہوچکی ہے۔ ڈیم پر اسٹون پچنگ، اسپل وے، ریلنگ وال، پل اور پانی کے اخراج و فراہمی سے متعلق انٹیک اور آؤٹ لیٹ اسٹرکچرز کی تعمیر کا کام جاری ہے۔ کمشنر راولپنڈی نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ دادو چھا ڈیم کے باقی ماندہ تعمیراتی کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کیے جائیں۔ ڈیم میں 60 ہزار ایکڑ فٹ پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش ہوگی، جبکہ اس کی اونچائی 123 فٹ اور لمبائی 737 فٹ ہے۔ منصوبے کا کیچمنٹ ایریا 129 مربع میل پر مشتمل ہے۔ دادو چھا ڈیم کی تعمیر مکمل ہونے کے باوجود راولپنڈی کو پانی کی فراہمی کے لیے ٹریٹمنٹ پلانٹ اور ٹرانسمیشن لائن کی تکمیل بھی ضروری ہوگی۔ منصوبے کے تعمیراتی کام میں 92 فیصد پیش رفت کے باوجود پانی کی تقسیم کا فارمولا اور فراہمی کا نظام اہم مراحل ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا تمام ضروری کام مکمل کرکے دسمبر 2026 تک راولپنڈی کو ڈیم سے پانی فراہم کرنا ممکن ہوسکے گا؟

بقیہ 23

گیا۔ ملاقات میں اس امر پر زور دیا گیا کہ خطاطی جیسے قدیم فن کی ترویج کے لیے فنکاروں کی حوصلہ افزائی اور ان کے کام کی پذیرائی ضروری ہے، تاکہ یہ خوبصورت روایت نئی نسل تک منتقل ہو اور پاکستان کی ثقافتی روایات برقرار رہیں۔

بقیہ 24

حیثیت بنانے کی طرف عملی پیشرفت کرتے ہوئے خصوصی طور پر ضلع میرپور کو سو روز کے حکومتی پلان میں میگا پراجیکٹس دیے جارہے ہیں جس کا باضابطہ اعلان وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی کے رواں ماہ پہلے دورہ میرپور کے دوران ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے نون لیگی رہنما اور میونسپل کارپوریشن میرپور میں اپوزیشن لیڈر چوہدری عبدالرزاق کی طرف سے اپنے اعزاز میں دیے گئے ایک پرتکلف عشائیہ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس کی صدارت نو منتخب ممبر کشمیر کونسل چوہدری محمد سعید نے کی جب کہ تقریب سے ممبر اسمبلی سابق وزیر چوہدری رخسار احمد، چیئرمین ضلع کونسل میرپور نوید اختر گوگا، میرپور چیمبر آف کامرس کے سابق صدر فیصل منظور، سابق سیشن جج چوہدری محمد اسحاق، میزبان تقریب چوہدری عبدالرزاق اور چوہدری محمد شکیل سمیت دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔ قبل ازیں جب مہمان خصوصی وزیر حکومت چوہدری عبدالرحمن آرائیں وزارت ملنے کے بعد پہلی مرتبہ میرپور پہنچے تو ان کا بینڈ باجوں کے ساتھ ہار ڈال کر پرتپاک استقبال کیا گیا اور آتش بازی کا اس دوران شاندار مظاہرہ بھی کیا گیا۔ عشائیہ تقریب میں افسران، تاجروں، صنعت کاروں، وکلاء، صحافیوں اور ہر مکتبہ فکر کی نمایاں شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ وزیر صنعت و سیاحت چوہدری عبدالرحمن آرائیں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں نون لیگ کی قیادت نے میاں نواز شریف کی سربراہی میں ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچانے کے لیے ہرممکن اقدامات اٹھائے اسی طرح آزاد کشمیر میں بھی تعمیر وترقی کے ایک نئے دور کا آغاز کیا جارہا ہے اور 100 دنوں کے پلان پر عمل درآمد سے عوام کو اس کے ثمرات ملنا شروع ہوجائیں گے انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر بالخصوص ضلع میرپور میں انڈسٹریز، سیاحت اور کھیلوں کے فروغ کے لیے ترجیحات بھی مقرر کی گئی ہیں جبکہ نوجوانوں اور طلبہ کو منفی سرگرمیوں سے بچانے کے لیے میرپور، مظفرآباد اور کوٹلی میں سپورٹس لیگز بھی منعقد کروانے کی پالیسی شروع کی جا رہی ہے اسی طرح اوورسیز کشمیریز کے مسائل کے حل کے لیے اوورسیز پورٹل بھی قائم کیا جارہا ہے تاکہ وہ بیرون ملک بیٹھے تارکین وطن اس پورٹل کے ذریعے اپنے اپنے مسائل کے حل کے لیے کیے گئے حکومتی و ادارہ جاتی اقدامات سے آگاہ ہو سکیں، وزیر حکومت چوہدری عبدالرحمن آرائیں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق پنجاب میں شروع کیے گئے تمام اقدامات پر آزاد کشمیر میں بھی عمل درآمد شروع کیا جا رہا ہے اور اس مقصد کے لیے وزیراعظم آزاد کشمیر کے دورہ میرپور کے دوران ستھرا کشمیر پروگرام اور لیپ ٹاپ سکیم بھی شروع کی جارہی ہے اور ضلع میرپور کے لیے کئی میگا پراجیکٹس کا اعلان وزیراعظم افتخار گیلانی خود کریں گے۔ صدر تقریب سابق وزیر ممبر کشمیر کونسل چوہدری محمد سعید نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزاد کشمیر کا واحد انڈسٹریل اسٹیٹ میرپور ہے جو ماضی کی حکومتوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے بیمار صنعتوں کے قبرستان میں تبدیل ہوچکا ہے جس کے لیے موجودہ نئی حکومت کو میرپور میں سرمایہ کاری کے فروغ اور بیمار صنعتوں کی بحالی کے لیے خصوصی اقدامات اٹھانے ہوں گے

بقیہ 25

جمہوریت، شہدائے دہشت گردی، شہدائے افواج پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پروقار تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا اس بات کا اعلان پارٹی کے سابق مرکزی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات و ترجمان حکومت شوکت جاوید میر نے پارٹی عہدیداروں کارکنوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے آئین قانون کی حکمرانی جمہوریت کے استحکام دہشت گردی لاقانونیت عدم برداشت کے خلاف قیام امن کیلئے طویل جدوجہد اپنی چار نسلوں کو ملک وقوم پر قربان کیا محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے نان سٹیٹ ایکٹرز اور انتہا پسندی کی شعلوں کو حکمت و دانائی کے ساتھ ساتھ اپنے اور اپنے وفادار نظریاتی پیروکاروں کے خون ناحق سے بجھانے میں قرآن ائن کا مقدس مشن ادا کیا، انہوں نے کہا کہ اٹھارہ اکتوبر کو ضلعی تحصیل سٹی شہروں قصبوں دیہاتوں میں ہونے والی تقریبات میں سابق وزیراعظم ممبر قانون ساز اسمبلی راجہ فیصل ممتاز راٹھور، نو منتخب ممبر کشمیر کونسل چوہدری لطیف اکبر اراکین اسمبلی پارٹی پی ایس ایف پیپلز یوتھ شعبہ خواتین اور ذیلی تنظیموں کے نظریاتی عہدیداران کارکن بھرپور شرکت کریں گے اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو دختر مشرق محترمہ بینظیر بھٹو شہید کی قومی و عالمی خدمات کو شاندار الفاظ میں سراہتے ہوئے پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو سیاسی امور کی چیئرپرسن محترمہ فریال تالپور پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری ریاض سابق وزیراعظم راجہ فیصل ممتاز راٹھور کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا جائے گا شوکت جاوید میر نے کہا کہ پیپلز پارٹی مضبوط وفاق اور ناقابل تقسیم وحدت ریاست جموں وکشمیر کی آزادی قومی وقار ملکی تحفظ عوامی مفادات کی محافظ ہے جس کے بانی چیئرمین قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو پھانسی کا پھندا قبول کرلیا لیکن اپنے ضمیر اور قومی خودداری کو گروی نہیں رکھنے دیا دختر مشرق محترمہ بینظیر بھٹو شہید نے جان جان آفریں کے سپرد کر کے بھی پاکستان کا سبز ہلالی پرچم سرنگوں نہیں ہونے دیا پیپلز پارٹی بہادر افواج پاکستان قومی سلامتی کے اداروں کے شانہ بشانہ سب سے پہلے پاکستان کیلئے ہر قربانی کیلئے ہر دم تیار و پرعزم ہے۔

بقیہ 26

اخلاقی تربیت، باہمی احترام اور معاشرتی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اسوہ حسنہ کو معاشرے کا بنیادی عنصر بنانے پر زور دیا اور کہا کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات ہی ایک پرامن، متوازن اور مہذب معاشرے کی بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ چوہدری محمد سعید نے اپنے خطاب میں اسلامی افکار کو جدید علوم اور نظریات سے ہم آہنگ کرنے پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اقبال کے خطبات اس ضمن میں اہم رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ اسلام آباد سے تشریف لانے والے ڈاکٹر سجاد نے سیرت طیبہ ﷺ کے حوالے سے اپنا تحقیقی مقالہ پیش کیا، جس میں انہوں نے نئی نسل کی تہذیب نو (کردار سازی) کے حوالے سے اہم نکات بیان کیے۔ دونوں مہمانوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ سیرت نبوی ﷺ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور اپنے کردار و گفتار میں اسوہ رسول ﷺ کی جھلک پیدا کریں۔ تقریب کے آخر میں میزبان فیصل شہزاد اور وین گروپ آف جرنلسٹ کے سربراہ ڈاکٹر افتخار احمد نے مہمانوں اور شرکا کا شکریہ ادا کیا اور اختتامی کلمات پیش کیے۔ تقریب میں اساتذہ، طلبہ، انتظامی عملے اور صحافی برادری کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ آخر میں ملک وملت کی سلامتی، امن اور ترقی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

بقیہ 27

ری کردہ شیڈول میں امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقررہ تاریخوں کے اندر انتخابی مراحل مکمل کریں تاکہ انتخابات کا عمل طے شدہ شیڈول کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جاسکے، نیز کاغذات نامزدگی فارم ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس، یوتھ و کلچر/ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر/ ایسوسی ایشن ضلع میرپور کے دفتر واقع سیکٹر E تھائی میرپور سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 28

میرپور میں 5G آزمائشی طور پر لانچ کردی گئی ہے جو کہ بہترین انداز میں کام کر رہی ہے۔ ضلع کوٹلی اور ضلع بھمبر میں بھی BTS17 کو اپ گریڈ کردیا گیا ہے۔ بھمبر میں تین، کوٹلی میں آٹھ اور میرپور میں چودہ BTS اپ گریڈ ہوگئے ہیں جہاں SCO کی ایس کام سروسز پہلے سے بہتر انداز میں کام کر رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی ڈائریکٹر اطلاعات ڈویژنل ڈائریکٹوریٹ میرپور راجہ محمد سہیل خان سے ملاقات کے دوران کیا۔ جنہوں نے منگل کے روز یہاں کمانڈنگ آفیسر ایس سی او میرپور ڈویژن سے انکے دفتر میں ملاقات کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کرنل اسامہ مصطفیٰ نے کہا کہ ضلع کوٹلی میں سرساوا اور سرسنڈی کے BTS کو بھی فوری میں اپ گریڈ کردیا گیا ہے۔ میرپور ڈویژن میں SCO فوری ایڈیشنل انٹینا لگائے جارہے ہیں جن میں زیادہ تر آپریشنل کردیے ہیں۔ اس طرح تحصیل سماہنی، سہنسہ اور چڑھوئی میں ایس فائبر وائرلیس انٹرنیٹ کی چار جی سائٹس لگا کر فعال کردی گئی ہیں جو کہ کامیابی سے کام کر رہی ہیں۔ سہنسہ میں دو، چڑھوئی اور سماہنی میں ایک ایک سائٹس مکمل ہوکر کام کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ SCO نے آزاد کشمیر کے مختلف ضلع میں گزشتہ ماہ فائیو جی سروسز پر کامیاب ٹرائل کیا جس کے بعد آزاد جموں وکشمیر میں تیز رفتار انٹرنیٹ کنکٹیوٹی کے نئے مواقع پیدا ہونے کی توقع ہے۔

بقیہ 29

زاد خطہ کو ایک ماڈل سٹیٹ بنانے کی طرف عملی پیشرفت کرنے کے لیے ہرممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور ماضی کی حکومتوں کی نسبت نون لیگی حکومت اپنے قائد میاں محمد نواز شریف اور وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کے وژن کے مطابق وزیراعظم آزاد کشمیر افتخار گیلانی اور ان کی ٹیم نے حکومت کے پہلے سو دنوں کے لیے جو ایکشن پلان ترتیب دیا ہے اس کے نتائج جلد عوام کے سامنے آنا شروع ہوجائیں گے۔ ملاقات کے دوران مظفر محمل نے سپیکر اسمبلی چوہدری طارق فاروق کو معلومات تک رسائی (RTI) کے عالمی دن کے موقع پر نومنتخب وزیراعظم آزاد جموں کشمیر افتخار گیلانی کے نام لکھے گئے ایک کھلے خط کی کاپی بھی فراہم کی۔

بقیہ 30

ملنے والی حمایت کو انہوں نے اپنی کارکردگی کا نتیجہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس مرتبہ بھی عوامی توقعات پر پورا اترنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ترقیاتی کاموں کے حوالے سے جو امور گزشتہ ادوار میں نامکمل رہ گئے ہیں، انہیں بھی آگے بڑھانے کے لیے بھرپور کوشش کی جائے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ حلقے کی تعمیر و ترقی، عوامی مسائل کے حل اور علاقے کو سرسبز و شاداب رکھنے کے لیے اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، تاکہ عوام کو بہتر سہولیات میسر آسکیں۔ کشمیر پریس کلب رجسٹرڈ برنالہ کے اس دورے کے دوران باہمی تبادلہ خیال، صحافیوں کے سوالات اور علاقائی مسائل پر گفتگو ہوئی۔ ملاقات کو صحافتی حلقوں اور عوامی نمائندوں کے درمیان رابطے اور مکالمے کے حوالے سے اہم قرار دیا گیا۔

بقیہ 31

آفیسر مردانہ میرپور، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر نسواں میرپور، کامران حسین ڈسٹرکٹ پاپولیشن آفیسر بہبود آبادی، محمد ریاض اسسٹنٹ ڈائریکٹر سرویلنس میرپور، سردار وقاص آغا اسسٹنٹ ڈائریکٹر ٹریننگ، عبدالوحید جمالی ڈسٹرکٹ فوکل پرسن NIDs میرپور، محمد احسان ڈپٹی فوکل پرسن NIDs میرپور، عبدالوحید جونیئر ٹیکنیشن (اے ایس وی)، غلام ربانی سٹور کیپر ای پی آئی، نعمان شہزاد و یوسی ایس پی WHO نے شرکت کی۔ اس قومی مہم پر بریفنگ دیتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر میرپور ڈاکٹر فدا حسین نے شرکا کو بتایا ہے کہ پورے ملک میں قومی مہم مورخہ 02 نومبر سے شروع ہوکر 05 نومبر 2026 تک چار ایام جاری رہے گی، پولیو مہم کے دوران پیدائش سے لے کر 5 سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ضلع ہذا میں پولیو مہم میں قطرے پلائے جانے والے بچوں کا ہدف 73317 مقرر ہے چونکہ یہ بیماری انتہائی خطرناک ہے جس کی وجہ سے بچوں میں عمر بھر کی معذوری ہوسکتی ہے بچوں کو اس بیماری سے بچاؤ کے قطرے پلانے کی غرض سے آمدہ قومی مہم کے لئے تمام ہوم ورک مکمل ہے مہم کے لئے 431 موبائل ٹیمیں اور 41 فکس سائٹس اور 14 ٹرانزٹ پوائنٹس قائم ہیں۔ ٹیموں کی نگرانی کے لئے 02 تحصیل سپروائزر 35 یونین کونسل سپروائزر 103 ایریا / وارڈ انچارجز مقرر کئے گئے ہیں۔ اس مہم کے دوران موبائل ٹیمز گھر گھر جا کر بچوں کو ویکسین پلائیں گی اس سلسلہ میں عوام الناس میں شعور کی بیداری کی اہم ضرورت ہے جس کے لئے تمام محکمہ جات بالعموم محکمہ تعلیم بالخصوص اور پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشن اپنا کردار ادا کریں تمام سکول انچارج صاحبان کو بروقت آگاہ کیا جائے کہ قطرے پلانے کے لئے آنے والی ٹیموں سے تعاون کریں۔ سید عمران نقوی ڈپٹی کمشنر نے تمام شرکاء اور سربراہ محکمہ جات کو پولیو کے متعلق عوام الناس میں شعور بیدار کرنے اور آگاہی مہم پر زور دیا اور عوام الناس سے قطرے پلانے کے لئے آنے والی ٹیموں سے ہرممکن تعاون کی تلقین کی۔ سید عمران نقوی ڈپٹی کمشنر میرپور نے اپنی طرف سے اور متعلقہ محکمہ جات کی طرف سے مکمل تعاون کا یقین دلایا اور دیگر شرکاء نے بھی مہم کے سلسلہ میں اپنا کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ 32

یہ کینسر ہسپتال ساہیوال ڈویژن کے مریضوں کے لیے ایک بڑی سہولت ثابت ہوگا، اس منصوبے کا مقصد ضلعے کے مریضوں کو کینسر کے علاج کی سہولیات فراہم کرنے میں بہتری لانا ہے، ہسپتال کی تعمیر سے متعلق مزید تفصیلات اور منصوبے کی تکمیل کے شیڈول کے بارے میں تاحال کوئی تفصیل فراہم نہیں کی گئی۔ دوسری جانب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے متوقع دورہ ساہیوال کے پیش نظر انتظامی تیاریاں بھی تیز کردی گئی ہیں، کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل نے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق کے ہمراہ شہر کے مختلف مقامات کا دورہ کیا اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران کمشنر نے یونیورسٹی آف ساہیوال، سپورٹس ایریا اور صدر بازار میں انتظامی تیاریوں کا معائنہ کیا، اس موقع پر متعلقہ انتظامی افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ افسران نے وزیراعلیٰ کے متوقع دورے کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے ضروری امور پر توجہ دی۔ انتظامیہ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کے دورے کے لیے تمام انتظامات کو حتمی شکل دی جارہی ہے، متعلقہ حکام کو ہدایت کی گئی ہے کہ سکیورٹی سمیت دیگر ضروری انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں تاکہ دورے کے دوران انتظامی امور کو موثر انداز میں انجام دیا جاسکے۔ ساہیوال میں جدید کینسر ہسپتال کے قیام کا فیصلہ اور وزیراعلیٰ کے متوقع دورے کی تیاریاں ضلعی انتظامیہ کی اہم سرگرمیوں میں شامل ہیں، کینسر ہسپتال کی تعمیر سے متعلق عملی پیش رفت اور منصوبے کے آغاز کی تاریخ آئندہ مراحل میں سامنے آنے کی توقع ہے

بقیہ 33

نے لائبہ سے رابطہ کیا نہ ملزم نعمان کو گرفتار کیا، لائبہ کی موت سے ایک مہینہ قبل مدعی مانسہرہ پولیس کو لے کر اسلام آباد آیا۔ ذرائع کے مطابق مانسہرہ پولیس، اسلام آباد پولیس کی اطلاع پر ملزم نعمان کے گھر بھی گئی، پولیس کے پہنچنے پر گھر میں موجود بچوں نے بتایا ملزم نعمان رات کو کہیں چلا گیا تھا۔ ملزم نعمان نے مانسہرہ کے خاندان کے 12 بچوں کو حساس اور ادارے میں بھرتی کروانے کی امید دلائی، ملزم نعمان نے ان 12 لڑکوں لڑکیوں کے سی ایم ایچ سے میڈیکل بھی کروائے۔ ملزم نے اس فیملی سے 85 لاکھ روپے بٹورے، جس کا مقدمہ بھی درج ہے، ملزم نعمان نے اس فیملی کو جعلی اپوائنٹمنٹ لیٹر ہسپتال کے کارڈ بھی بنا کر دیے

بقیہ 34

کے دوران نیٹ کوتی سے مانیٹر کیا جائے اور سٹاف کام کے دوران سیفٹی کے تمام ایس او پیز پر عمل یقینی بنائیں۔ فیلڈ افسران سٹاف کو کام کے دوران چیک کریں گے اور موقع پر اپنی موجودگی یقینی بنائیں۔ سالانہ سسٹم مینٹیننس کے باعث ڈسٹری بیوشن سسٹم مزید مستحکم ہوگا اور سسٹم میں موجود خامیوں پر قابو پا کر پیک آورز میں نہ صرف بجلی کی بلا تعطل ترسیل ممکن بنائی جائے گی بلکہ سسٹم پر آنے والے فالٹس اور ٹرپنگ پر بھی قابو یقینی بنایا جائے گا۔ صارفین آئیسکو کی آفیشل ویب سائٹ www.iesco.com.pk، آئیسکو کے سوشل میڈیا ہینڈلز X (iescoofficialpk؛ facebook (iescoofficialpk) اور آئیسکو ہیلپ لائن نمبر 118 پر بھی فیڈرز پر ہونے والے عارضی شٹ ڈاؤن کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔

بقیہ 35

کے لیے فوری اقدامات کرتا ہوں گے۔ وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے بین الاقوامی مالیاتی نظام میں اصلاحات پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش چیلنجز کے مطابق مالیاتی نظام میں تبدیلیاں لانا ضروری ہے۔ جی 24 کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ پاکستان جی 24 کی آئندہ صدارت کے دوران ترقی پذیر معیشتوں کے مفادات کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے موثر کردار ادا کرے گا۔ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی تقسیم کے باعث تجارت اور سرمایہ کاری میں رکاوٹیں پیدا ہو رہی ہیں، جبکہ موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات ترقیاتی کامیابیوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں، سخت مالیاتی حالات اور مالی وسائل کی کمی بھی ترقی پذیر معیشتوں کے لیے بڑے چیلنجز ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ جی 24 کی پہلی ترجیح بین الاقوامی مالیاتی نظام میں ترقی کو مرکزی مقصد کے طور پر بحال کرنا ہے، بریٹن ووڈز اداروں کو زیادہ نمائندہ بنانے اور رکن ممالک کی ضروریات کے مطابق موثر کردار ادا کرنے کے قابل بنانا بھی ضروری ہے۔ محمد اورنگزیب کے مطابق جی 24 کی ایک اور اہم ترجیح ترقی کے فروغ پر مرکوز بین الاقوامی مالیاتی نظام تشکیل دینا ہے۔ وزیر خزانہ نے نائیجیریا کی قیادت کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ زیادہ جامع، مستحکم اور ترقی پر مبنی عالمی معاشی نظام کے قیام کے لیے رکن ممالک اور متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون ناگزیر ہے۔

بقیہ 36

کیمپس میں داخلوں کی بندش ضلع کے نوجوانوں کو تعلیمی مواقع سے محروم کرنے، انہیں مایوسی کی طرف دھکیلنے کے مترادف ہے، جہلم ویلی ایک دورافتادہ سرحدی ضلع ہے جہاں بیشتر خاندانوں کے لیے اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کی غرض سے مظفرآباد یا دیگر بڑے شہروں میں بھیجنا مالی طور پر آسان نہیں ہے، ایسے حالات میں مقامی سطح پر قائم یونیورسٹی کیمپس طلباء وطالبات کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہے، انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری عبدالمجید کے دور حکومت میں پیپلز پارٹی کے رہنما اشتیاق ظفر کی کوششوں سے اس وقت کے صدر آزاد کشمیر سردار یعقوب خان کے ذریعے جہلم ویلی میں یونیورسٹی کیمپس کے قیام کی راہ ہموار ہوئی، جس سے ضلع کے ہزاروں طلباء وطالبات مستفید ہوئے اور اب بھی ہو رہے ہیں، اس تعلیمی ادارے کے قیام کا بنیادی مقصد علاقے کے نوجوانوں کو گھر کی دہلیز پر اعلیٰ تعلیم کی سہولیات فراہم کرنا تھا لہذا اس میں نئے داخلوں کی بندش کے معاملے کو معمولی انتظامی مسئلہ سمجھ کر نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے، راشد مغل نے کہا کہ اعلیٰ تعلیم نوجوان نسل کا بنیادی حق اور روشن مستقبل کی ضمانت ہے، اگر مقامی کیمپس میں داخلے بند رہتے ہیں تو بالخصوص غریب، متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے طلباء وطالبات کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے، کئی طلباء مالی وسائل کی کمی کے باعث دوسرے شہروں میں جا کر تعلیم حاصل کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے جس کے نتیجے میں ان کی تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہونے، تعلیمی سلسلہ منقطع ہونے کے خدشہ پیدا ہوسکتا ہے۔ انھوں نے صدر آزاد کشمیر، وزیراعظم آزاد کشمیر، وزراء حکومت سے مطالبہ کیا کہ جہلم ویلی یونیورسٹی کیمپس میں نئے داخلوں کی بندش کی وجوہات فوری طور پر سامنے لائی جائیں

بقیہ 37

کے نام پر شہریوں کو دھوکا دینے والے ایجنٹوں کے خلاف کارروائی کیلئے پرعزم ہے، عوام ویزا اور سفری دستاویزات کے حصول کے لیے مستند ذرائع اختیار کریں اور مشکوک ایجنٹوں سے ہوشیار رہیں۔

بقیہ 38

ہر ممکن تعاون کیا جائے گا دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اور ایس پی نے علاقے کے معززین سے بھی ملاقاتیں کیں، آتشزدگی کے واقعے، متاثرہ خاندانوں کی ضروریات، علاقے کی صورت حال کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا، ڈپٹی کمشنر حفت اعظم کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر لیپہ سہیل مہاس، تحصیلدار لیپہ، ایس ایچ او لیپہ محمد بشیر اور تحصیل آفس کا عملہ بھی موجود تھا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر اور ایس پی نے پاک فوج کے کمانڈنگ آفیسر سے بھی ملاقات کی، واضح رہے کہ وادی لیپہ کے علاقے لوکوٹ میں آتشزدگی کے باعث متعدد خاندان اپنے گھروں، دکانوں سے محروم ہوگئے تھے، جس کے بعد متاثرین کو رہائش، خوراک، دیگر بنیادی ضروریات کے حوالے سے مشکلات کا سامنا ہے، متاثرہ خاندانوں کی فوری امداد، مستقل بحالی اس وقت اہم ضرورت ہے، عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ آتشزدگی سے متاثرہ خاندانوں کے نقصانات کا فوری تخمینہ لگا کر انہیں مناسب مالی امداد فراہم کی جائے، عارضی رہائش کے ساتھ بنیادی ضروریات زندگی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، تباہ ہونے والے مکانات کی دوبارہ تعمیر کے لیے خصوصی امدادی پیکیج کا اعلان کیا جائے، تاکہ بے گھر ہونے والے خاندان جلد از جلد اپنے پاؤں پر کھڑے ہوسکیں۔۔۔۔۔۔

بقیہ 39

کام کیوں ہیں؟ سی سی ڈی پنجاب میں ماورائے عدالت قتل کر رہی ہے کیا یہ غیرآئینی نہیں؟ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے پہلے کے پی میں عدم اعتماد لانے کا پلان بنایا، وفاقی حکومت نے سہیل آفریدی کو نااہل کرنے کے لیے شیر افضل سے پٹیشن دائر کرائی، ایمرجنسی اور گورنر راج لگا کر لوگوں کی نفرت میں اضافہ کیا گیا، وفاقی حکومت کے اقدامات سے کے پی کے لوگ زیادہ غصے میں آئے ہیں وفاقی حکومت خاص طور پر ن لیگ کا ایجنڈا تھا۔ انہوں نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ میں کے پی کو 2 فیصد شیئر ملنا تھا وہ ابھی تک نہیں دیا پیپلز پارٹی کا پنجاب کا گورنر کہہ رہا کہ گورنر راج کا معاملہ ہم پر نہ ڈالیں جب کہ گورنر راج کی سمری پر صدر پاکستان نے دستخط کیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم جو جنگ لڑ رہے ہیں وہ چھوٹی نہیں ہے ہم کہیں نہیں جانے والے ہم یہ جنگ لڑتے رہیں گے۔

بقیہ 40

ہیں۔ ماہر نفسیات اور کاؤنسلنگ ہاؤس میں پچھلے 20 برس سے بطور سائیکاٹرک سوشل ورکر و ڈائریکٹر ہیومن ریسورس خدمات انجام دینے والی ڈاکٹر عائشہ عمران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری، غربت اور افلاس ذہنی بیماریوں کے پھیلنے اور ان کے شدید ہونے میں بنیادی عوامل کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر عائشہ کا کہنا تھا کم آمدنی والے طبقے میں زندگی کے صدمات اور معاشی مشکلات ذہنی بیماریوں کو متحرک کرتی ہیں، جبکہ ان کے پاس فیملی سپورٹ کی بھی شدید کمی ہوتی ہے۔ ڈاکٹر عائشہ کے مطابق، غربت اور ذہنی بیماری کا ایک ایسا تعلق بن چکا ہے جہاں یہ طے کرنا مشکل ہوجاتا ہے کہ انسان غربت کی وجہ سے بیمار ہو رہا ہے یا بیماری کے باعث غریب ہو رہا ہے۔

بقیہ 41

ل کے مسائل کا میرٹ پر فوری حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ شہری بلا جھجک اور بغیر کسی سفارش کے کھلی کچہریوں میں اپنے مسائل سے پولیس افسران کو آگاہ کرسکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ شہری اپنی شکایات آئی جی پی شکایت سیل 1715 پر بھی درج کرا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد نے تمام سینئر پولیس افسران کو ضلع بھر میں کھلی کچہریاں منعقد کرنے کی ہدایات جاری کی ہیں، جبکہ تمام زونل ایس پیز بھی اپنے اپنے زونز میں کھلی کچہریاں منعقد کررہے ہیں۔ اس عوامی رابطہ مہم کا مقصد شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے کہا کہ اسلام آباد پولیس خواتین اور بچوں پر تشدد کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہے اور شہریوں کو ہرممکن ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی بالادستی یقینی بنائی جائے گی، تمام شہریوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں اور درخواستوں پر میرٹ کے مطابق فیصلے کیے جائیں گے۔ شہریوں کی جان، مال اور عزت کا تحفظ مقدم ہے

بقیہ 42

نے کہا کہ تھانہ مارگلہ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی، سیف سٹی کیمروں اور انسانی ذرائع کی مدد سے ملزمان کا سراغ لگا کر گرفتار کیا، شہریوں کو قیمتی اشیاؤں اور اشیا سے محروم کرنے والے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے

بقیہ 43

ل کے بچے ہو رہی ہو اسے ہر صورت روکا جائے، لوکل گورنمنٹ کے منصوبوں کی شفافیت کو برقرار رکھنے کے لیے متعلقہ آفیسران فیلڈ کا دورہ کریں تاکہ عوام کے لیے آنے والا پیسہ گراؤنڈ پر لگ سکے، محکمہ صحت کے ذمہ داران اس بات کو یقینی بنائیں کہ ڈاکٹرز سمیت سٹاف ہمہ وقت حاضر رہے تاکہ کسی بھی ایمرجنسی میں مشکلات پیش نہ آئیں، دیہی علاقوں کی ڈسپنسریوں میں بھی سٹاف کی حاضری کو یقینی بنایا جائے، میونسپل کارپوریشن صفائی کے اقدامات میں مزید تیزی لائے، مجسٹریٹس پرائس کنٹرول چیکنگ کو یقینی بنائیں اور عام آدمی کو ریلیف دینے کے لیے طے شدہ ریٹس پر عملدرآمد کروایا جائے، محکمہ تعلیم اساتذہ کی حاضری کو ہر صورت یقینی بنائے بچوں کے مستقبل کے ساتھ کسی صورت کوئی لاپرواہی قابل قبول نہیں ہوگی، مدارس کی رجسٹریشن کا عمل مکمل کیا جائے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلعی آفیسران کے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں تمام محکمہ جات کے ضلعی آفیسران موجود تھے جنہوں نے اپنے اپنے محکمہ کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی مکمل کردہ منصوبہ جات اور زیر تعمیر منصوبہ جات بھی زیر غور لائے گئے زیر تعمیر منصوبہ جات کی جلد تکمیل کے احکامات بھی دیے گئے جبکہ آئندہ کے لیے اہداف بھی طے کیے گئے جن پر آئندہ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر کو پراگریس رپورٹ دی جائے گی۔

بقیہ 44

گے۔ انھوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے ہمیشہ جمہوریت کے فروغ، پارلیمانی بالادستی اور آئینی اصولوں کی پاسداری پر زور دیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری کی اس اہم ذمہ داری سے وابستگی جمہوری و آئینی عمل میں ان کے کردار کو مزید موثر بنانے کا موقع فراہم کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں مضبوط جمہوری نظام، آزاد اور موثر ادارے اور آئین کی بالادستی قومی ترقی اور استحکام کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ امید ہے کہ بلاول بھٹو زرداری اپنی ذمہ داریاں آئینی تقاضوں اور قومی مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے ادا کریں گے۔ انھوں نے بلاول بھٹو زرداری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ انہیں نئی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں کامیابی عطا فرمائے اور وہ ملک وقوم کی بہتری کے لیے اپنا کردار احسن انداز میں ادا کرتے رہیں۔

بقیہ 45

صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سید وزیر احمد شاہ نے کہا کہ گندم سوری کی چاروں ڈویژنوں کے لیے آٹے کی تقسیم کے نظام کو شفاف بنانے کی ضرورت ہے، کیونکہ موجودہ صورت حال میں مستحق افراد کو ان کے حصے کا آٹا ملنے کے حوالے سے متعدد شکایات سامنے آرہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ مبینہ طور پر آٹے کی تقسیم میں مقامی مستحق خاندانوں کے بجائے با اثر افراد کو ترجیح دی جارہی ہے، جس کا فوری نوٹس لیا جانا چاہیے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے مطابق ماہانہ دو مرتبہ آٹا آتا ہے اور مجموعی طور پر تقریباً 150 بیگ فراہم کیے جاتے ہیں، تاہم اس کے باوجود علاقے کے غریب خاندانوں کو مطلوبہ سہولت میسر نہیں۔ ان کا الزام ہے کہ بعض ڈیلر مبینہ طور پر وارڈ سے باہر کے افراد کو بھی آٹا فراہم کرتے ہیں، جبکہ مقامی مستحقین اس بنیادی سہولت سے محروم رہ جاتے ہیں۔

بقیہ 46

کہ اسی مقام پر ایک تیز رفتار ٹیکسی اور ٹرک کے درمیان تصادم ہوگیا۔ حادثہ اتنا شدید تھا کہ ٹیکسی ٹرک کے نیچے جا پھنسی۔ حادثے کے نتیجے میں ٹیکسی میں سوار کشمیری بازار کے کپڑے کے تاجر دو سگے بھائی زاہد اشرف اور طاہر اشرف جاں بحق ہوگئے۔ جبکہ ان کا تیسرا بھائی شدید زخمی ہوگیا۔ تیسرے واقعے میں پانواں انٹرچینج کے مقام پر اور نجریب نامی شخص روڈ کراس کرتے ہوئے تیز رفتار کوسٹر گاڑی کی ٹکر کر زخمی ہوگیا۔ حادثات کی اطلاع ملتے ہی مقامی لوگوں نے اپنی مدد آپ کے تحت کارروائی کرتے ہوئے زخمیوں کو طبی امداد کی فراہمی کے لیے ہسپتال منتقل کیا۔

بقیہ 47

گئے اور شواہد اکٹھے کرنے کے لیے اقدامات شروع کردیے۔ واقعے کی تفتیش کے لیے کرائم سین یونٹ اور پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی (PFSA) کی ٹیموں کو بھی طلب کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزمان کی گرفتاری کے لیے ٹیمیں متحرک ہیں اور واقعے کے تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 48

زائد بتائی گئی ہے۔ واقعہ کا مقدمہ تھانہ بہارہ کہو میں درج کرلیا گیا تاہم ملزمان کا تاحال کوئی سراغ نہیں مل سکا۔ متاثرہ خاندان پولیس کی جانب سے تفتیش میں روایتی تاخیر پر پریشان ہے مقدمہ درج ہونے کے باوجود تفتیش یا ملزمان کی گرفتاری میں کوئی پیش رفت نہیں ہوسکی

بقیہ 49

کردہ شیڈول میں امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مقررہ تاریخوں کے اندر انتخابی مراحل مکمل کریں تاکہ انتخابات کا عمل طے شدہ شیڈول کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جاسکے، نیز کاغذات نامزدگی فارم ڈپٹی ڈائریکٹر سپورٹس، یوتھ و کلچر/ ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر/ ایسوسی ایشن ضلع میرپور کے دفتر واقع سیکٹر E تھائی میرپور سے حاصل کیے جاسکتے ہیں۔

بقیہ 50

اخلاقی تربیت، باہمی احترام اور معاشرتی ذمہ داریوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے اسوہ حسنہ کو معاشرے کا بنیادی عنصر بنانے پر زور دیا اور کہا کہ نبی کریم ﷺ کی تعلیمات ہی ایک پرامن، متوازن اور مہذب معاشرے کی بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ چوہدری محمد سعید نے اپنے خطاب میں اسلامی افکار کو جدید علوم اور نظریات سے ہم آہنگ کرنے پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ اقبال کے خطبات اس ضمن میں اہم رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔ اسلام آباد سے تشریف لانے والے ڈاکٹر سجاد نے سیرت طیبہ ﷺ کے حوالے سے اپنا تحقیقی مقالہ پیش کیا، جس میں انہوں نے نئی نسل کی تہذیب نو (کردار سازی) کے حوالے سے اہم نکات بیان کیے۔ دونوں مہمانوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ سیرت نبوی ﷺ کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنائیں اور اپنے کردار و گفتار میں اسوہ رسول ﷺ کی جھلک پیدا کریں۔ تقریب کے آخر میں میزبان فیصل شہزاد اور وین گروپ آف جرنلسٹ کے سربراہ ڈاکٹر افتخار احمد نے مہمانوں اور شرکا کا شکریہ ادا کیا اور اختتامی کلمات پیش کیے۔ تقریب میں اساتذہ، طلبہ، انتظامی عملے اور صحافی برادری کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ آخر میں ملک وملت کی سلامتی، امن اور ترقی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 51

کر عالمی جنگ کو دعوت دی جارہی ہے، حملے فوری بند ہی نہیں ہونے چاہئیں بلکہ اقوام متحدہ سمیت امن کے دعوے داروں کو اقدامات اٹھانے چاہئیں تاکہ آئندہ کسی ملک کی سالمیت اور بے گناہ شہریوں پر بم نہ برسائے جاسکیں، سعودی عرب اور پاکستان کا رشتہ انتہائی مضبوط ہے، سعودی عرب نے مشکل کی گھڑی میں کشمیریوں کو ہمیشہ یاد رکھا ہے،

بقیہ 52

کے خلاف قومی بیانیے کیساتھ کھڑا ہونا ہوگا، ہم پر امید اور متفق ہیں کہ یہ نظام کافی کام کرے گا، ایڈوائزری کونسل سکیورٹی فورسز اور مسلح افواج کو سپورٹ دے گی، جن علاقوں کو فوج دہشتگردوں سے پاک کرے گی، سول انتظامیہ انہیں ہولڈ کرے گی۔ انھوں نے کہا وفاق نے ٹیم کو جو ذمہ داری سونپی وہ پوری ہوجائے تو بڑی بات ہوگی، عثمان بزدار کی طرح سہیل آفریدی کو پارٹی ہاتھ میں دے کر حکومت دے دی گئی، عمر کے برابر تجربے کے لوگ ہم سے مذاکرات کرتے ہوئے سہیل آفریدی سے ڈکٹیشن لے رہے تھے۔ رانا ثنا نے کہا مولانا فضل الرحمان کو غلط فہمی ہوئی ہے، مولانا کو وزیراعظم نے واضح کہا تھا کہ پہلے لانگ مارچ کال آف کریں پھر بات ہوگی۔

بقیہ 53

نارمل پوزیشن پر آجاتا ہے۔ دونوں ٹرانسپلانٹ پروفیسر ڈاکٹر فیصل سعود ڈار، ڈاکٹر احسان الحق، ڈاکٹر بلال احمد کی سربراہی میں ہوئے جبکہ پی کے ایل آئی میں لیور کے دو اور کڈنی کا ایک ٹرانسپلانٹ کامیاب ہوچکے۔

بقیہ 54

ہاؤس، جی 8/ 1، سوہان، چھاؤہ، سدھراں، ایف 10/ 2، جی 10/ 4، آئی 8/ 1، کیرج فیکٹری، جی 11/ 1، پیر مہر علی شاہ، این آئی ایچ، موہڑہ نور، سٹی بینک، ہنگل، کوہال، پی سی، پتریاں، بری امام اور کوٹلی ستیاں فیڈرز کی بجلی بند رہے گی۔ راولپنڈی سٹی سرکل: صبح 00:08 بجے سے دوپہر 00:12 بجے تک فضائیہ، علی مارکیٹ، ملت آباد، ڈھوک چوہدریاں، پشاور روڈ، عسکری الیون اور کولین فیڈرز، جبکہ صبح 00:09 بجے سے دوپہر 00:02 بجے تک چوتھی روڈ، ٹینچ مارکیٹ، شہید محمد دین، تھمہ روڈ، سروس روڈ، نواز کالونی، سی بلاک، ابوبکر، صرافہ بازار، سٹی، گوالمنڈی، فوارہ چوک، گلزار شہید، راجہ آباد، ظفر الحق، عسکری الیون، عزیز آباد، پشاور روڈ، ملت آباد، کمال آباد، ٹاسٹ روڈ، ٹون، پنڈ ہون، بینظیر بھٹو شہید اور ٹی ڈی ایل کالونی فیڈرز کی بجلی معطل رہے گی۔

بقیہ 55

دہ پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ اپنی صلاحیتوں، تجربے اور پیشہ ورانہ مہارتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے حلقہ ذن میں نظام تعلیم کی بہتری اور طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ان کی تعیناتی پر تعلیمی و سماجی حلقوں کی جانب سے خیر مقدم کیا جارہا ہے اور توقع ظاہر کی جارہی ہے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھاتے ہوئے شعبہ تعلیم کی ترقی اور تعلیمی اداروں کی بہتری میں موثر کردار ادا کریں گے۔

Scanned with CamScanner

مریم نواز ویژن ساہیوال میں 100 بیڈ کے جدید کینسر ہسپتال کی تعمیر کا فیصلہ

جدید کینسر ہسپتال مریضوں کیلئے بڑی سہولت، مقصد خطے کے مریضوں کو کینسر کے علاج کی سہولیات فراہم کرنے میں بہتری لانا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے متوقع دورہ ساہیوال کے پیش نظر انتظامی تیاریاں بھی تیز کر دی گئیں، سلمان رفیق

ساہیوال (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ساہیوال میں 100 بستروں پر مشتمل جدید کینسر ہسپتال تعمیر کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس سے ساہیوال ڈویژن کے کینسر کے مریضوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات میسر آنے کی توقع ہے۔

صوبائی وزیر کیڈیٹو ڈاکٹر سلمان رفیق اور سیکرٹری ہیلتھ مکتوم محمود نے ساہیوال کا دورہ کیا اور ہسپتال کی تعمیر کے لیے مجوزہ مقام کا جائزہ لیا، اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری ہیلتھ کیئرز خواجہ سلمان رفیق کے مطابق 100 بستروں پر مشتمل (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)



زلزلے کے شہدا کی یاد کو مارگلہ ٹاور پر پھول چڑھانے اور دعا کرنے کے بعد انجمن فیض الاسلام کے بوائے سکاؤٹس کا گروپ فوٹو

آئیسکو ریجن میں سالانہ سسٹم مینٹیننس شیڈول 2026.2027 جاری

پاور ٹرانسفارمرز، ٹرانسمیشن لائنوں، 1 کے وی فیڈرز و دیگر پر مینٹیننس کی جائیگی

متعلقہ فیڈرز پر عارضی بجلی بندش شیڈول آئیسکو ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پیجز پر اپ لوڈ کیا جائیگا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) نے ریجن بھر میں 130 سے زائد 132 کے وی گرڈ اسٹیشنز میں نصب پاور ٹرانسفارمرز، 1295 سے زائد 11 کے وی فیڈرز، ٹرانسمیشن لائنز اور دیگر منصوبوں کی بروقت تکمیل اور ناگزیر مینٹیننس کھلنے سالانہ سسٹم مینٹیننس پروگرام جاری کر دیا ہے جو 15 اکتوبر 2026 سے 8 فروری 2027 تک جاری رہے گا۔ فیڈرز پر مینٹیننس ورکس کے دوران بجلی بندش کے لئے ماہانہ شٹ ڈاؤن لئے جائیں گے۔ آئیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر چوہدری خالد محمود نے ہدایات جاری کی ہیں کہ متعلقہ فیڈرز پر ہونے والے شٹ ڈاؤن کی پیشگی اطلاع ہر صورت متعلقہ صارفین تک پہنچائی جائے اور اس سلسلے میں پرنٹ، الیکٹرونک، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ساتھ ساتھ مساجد میں اعلانات کے ذریعے بھی متعلقہ صارفین کو بروقت آگاہی فراہم کی جائے۔ انہوں نے فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات دیں کہ بجلی بندش (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

پولیس سستی نہ کرتی تو طالبہ کی جان بچائی جا سکتی تھی، لائبہ اعجاز خودکشی کیس میں اہم انکشاف

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) لائبہ اعجاز خودکشی کے معاملے میں اہم انکشاف ہوا ہے جبکہ ماہنور پولیس مبینہ سستی و کرپشن کو لائبہ کی جان بچائی جا سکتی تھی۔ مانسہرہ کے تھانہ سٹی میں مقدمہ نمبر نعمان نجوٹ 85 لاکھ کے فراڈ کا مقدمہ درج ہوا۔ ذرائع نے کہا کہ دوران تفتیش پتا چلا کہ ملزم نعمان لائبہ سے پیسے لے رہا ہے، 185 کنال فراڈ مقدمہ کے مدعی نے تفتیشی افسر کو لائبہ سے رابطہ کرکے متنبہ کرنے کا بھی کہا۔ تفتیشی افسر (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)



سرائیکستان قومی اتحاد کے مرکزی پیرمین خواجہ غلام فرید کورجہ سرائیکستان ون پارٹی کے پیرمین مخدوم رحیم یحییٰ کے ساتھ مرکزی بیکرڈیٹ جھوک فرید کوٹ مٹھن میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آبادی بڑھتی رہی تو ہر فرد کا اضافہ صحت، تعلیم اور روزگار کیلئے بڑا چیلنج ہے، وزیر خزانہ

ترقی پذیر معیشتوں کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مالیاتی نظام میں تبدیلیاں لانا ضروری ہے، محمد اورنگزیب

پاکستان ترقی پذیر معیشتوں کے مفادات کے تحفظ، مسائل کے حل کیلئے مؤثر کردار ادا کرے گا، اجلاس سے خطاب

بھاک (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی کے کلچر سے نمٹنے کے لیے قومی سطح پر اسٹرٹیجک اپروچ اپنانا ہوگی۔ بھاک تھائی لینڈ میں مالی چیلنج گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں 2026 کے موقع پر گول میز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان میں تیزی سے بڑھتی آبادی کے اثرات سے نمٹنے اور انسانی وسائل کی ترقی کے ذریعے روزگار کے مواقع بڑھانے پر زور دیا۔ آبادیاتی تبدیلی کو انسانی وسائل کی ترقی اور روزگار کے مواقع میں تبدیل کرنے کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ آبادی میں اضافے کے مکمل معاشی فوائد سے فائدہ اٹھانے کے لیے مربوط حکمت عملی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو تیزی سے بڑھتی آبادی اور اس کے صحت، تعلیم اور روزگار پر مرتب ہونے والے اثرات سے نمٹنے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

ڈی سی ہٹیاں بالا کا نوکوٹ کا دورہ، آتشزدگی متاثرین سے ملاقاتیں

محسن کی اس گھڑی میں انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، وزیراعظم کی یقین دہانی

ہٹیاں بالا (پیرودر رپورٹ) ڈپٹی کمشنر ضلع جنگم ویلی وزیراعظم اور ایس پی جنگم ویلی علاقہ ارگن کا دورہ کیا جو کے علاقے نوکوٹ کا دورہ، آتشزدگی کے خوفناک واقعے میں جل جانے والے تین مکانات، متصدد دکانوں کے متاثرین سے ملاقات کرکے ان کے نقصانات، مشکلات کا جائزہ لیتے ہوئے جلد از جلد ممکنہ امداد کی فراہمی کی یقین دہانی کروادی، ڈپٹی کمشنر ضلع جنگم ویلی نے متاثرہ خاندانوں سے فرداً فرداً ملاقاتیں کیں، ان کے مسائل سنے، آتشزدگی کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات پر افسوس کا اظہار کیا، انہوں نے متاثرین کو یقین دلایا کہ حکمل کی اس گھڑی میں انہیں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا، ان کی مشکلات کے ازالے کے لیے (بقیہ صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد ہائیکورٹ نے ریڈ بک سے نام نکالنے کا حکم دیدیا

ریڈ بک سے نام نکالنے کا حکم دیدیا

مفرور ملزم کی درخواست پر ایف آئی اے کو 3 روز میں فیصلہ کرنے کا حکم

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد ہائیکورٹ نے ریڈ بک سے نام نکالنے کا حکم دیدیا، مفرور ملزم کی درخواست پر ایف آئی اے کو 3 روز میں فیصلہ کرنے کا حکم دیا۔ عدالت نے ایف آئی اے کو ہدایت کی کہ درخواست پر قانون کے مطابق فیصلہ کیا جائے